www.awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ | عوام کی بے ساختہ للکار | ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت | ایڈیٹر انچیف: محمد فیصل ندیم


جلد 17 | ہفتہ ، 14 نومبر 2026ء ، 3 جمادی الثانی 1448ھ، قیمت 20 روپے | شمارہ 200

اسلام آباد، ڈھاکہ تجارت، میڈیا اور تعلیمی تعلقات کی نئی شروعات

تجارتی میڈیا اور تعلیمی اشتراک ناگزیر قرار

کیس لاہور کے زیر اہتمام ''اسلام آباد، ڈھاکہ ری سیٹ'' کے عنوان سے اہم گول میز مباحثہ، ماہرینِ تعلیم و دانشوروں کی شرکت، رسمی معاہدوں سے آگے بڑھ کر عملی تعلیمی روابط، براہِ راست کارگو، فضائی سروس اور ویزا سہولت کاری پر زور

براہ راست کارگو، سہ فریقی تعاون اور ویزا نظام میں آسانی سے دوطرفہ تجارت کو فروغ ملے گا، راجہ عامر اقبال، بحری و فضائی رابطوں، نجی شعبے کی شمولیت اور ذمہ دارانہ صحافت سے خطے میں استحکام آئے گا، ڈاکٹر شاہد رزاق



اسلام آباد (این ای این) سینٹر فار ایرو اسپیس اینڈ سیکیورٹی اسٹڈیز (کیس)، لاہور نے ۱۱ نومبر ۲۰۲۶ کو "اسلام آباد۔ ڈھاکہ ری سیٹ: تجارت، ذرائع ابلاغ اور سفارت کاری کے ذریعے بیانیے کی نئی تشکیل" کے عنوان سے ایک گول میز مباحثے کا انعقاد کیا۔ ایک آزاد تھنک ٹینک کے طور پر کیس لاہور باقاعدگی سے ایسی علمی نشستوں کا اہتمام کرتا ہے جن میں ماہرینِ تعلیم، عملی میدان سے وابستہ (بقیہ نمبر 7)

ہارون اختر خان سے شینزن ٹرانسشن ہولڈنگز کے وفد کی ملاقات

حکومت سرمایہ کاری و صنعتی ترقی کے لئے سازگار ماحول پیدا کرنے کیلئے پرعزم ہے

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم کے مشیر برائے صنعت و پیداوار ہارون اختر خان سے معروف چینی کنزیومر الیکٹرانکس کمپنی شینزن ٹرانسشن ہولڈنگز کے وفد نے ملاقات کی جس میں پاکستان کی موبائل فونز اور الیکٹرانکس کی صنعت میں سرمایہ کاری، مقامی مینوفیکچرنگ اور برآمدات کے فروغ کے مواقع پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزارتِ صنعت و پیداوار کے اعلامیہ کے مطابق ملاقات میں سیکرٹری صنعت و پیداوار احسان علی منگی اور جوائنٹ (بقیہ نمبر 39)

گرین الیکٹرو بس میں خاتون سے بدتمیزی کا واقعہ ملازم برطرف

کسی بھی مسافر کے ساتھ بدتمیزی، تشدد یا غیر مناسب رویہ کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا، بلال اکبر خان

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر ٹرانسپورٹ اینڈ ماس ٹرانزٹ بلال اکبر خان نے گرین الیکٹرو بس میں خاتون کے ساتھ بدتمیزی اور تشدد کے واقعے کا سخت نوٹس لیتے ہوئے متعلقہ حکام سے فوری رپورٹ طلب کر لی ہے جبکہ واقعے (بقیہ نمبر 42)

صارفین کیلئے خصوصی انعامی اسکیم شروع کرنے کا فیصلہ

کیو آر کوڈ کے ذریعے ادائیگی سے انکار کرنے والے کاروباری اداروں کیخلاف سخت قانونی کارروائی ہوگی

لاہور (این این آئی) چیئرمین پنجاب ریونیو اتھارٹی معظم اقبال سپرا کی زیر صدارت ڈیجیٹل مانیٹرنگ اور ڈیٹا بیس کے حوالے سے اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں ٹیکس کلچر کے فروغ اور ای ادائیگیوں کے رجحان میں (بقیہ نمبر 41)

اسلام آباد میں بلدیاتی انتخابات کا شیڈول معطل

عدالت عالیہ نے 26 نومبر تک الیکشن کمیشن و دیگر فریقین کو نوٹس جاری کرتے ہوئے جواب طلب کر لیا

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائیکورٹ نے وفاقی دارالحکومت میں بلدیاتی انتخابات کے شیڈول سے متعلق الیکشن کمیشن کا 21 اکتوبر کا نوٹیفکیشن معطل کر دیا۔ ہائیکورٹ کے جسٹس عمیر مجید ملک نے حکم امتناع (بقیہ نمبر 40)



اسلام آباد: خاتون اول بی بی آصفہ بھٹو زرداری کا بدھ کو بیگم چیف آف نیول اسٹاف فوزیہ نوید نے استقبال کیا

وزیراعظم شہباز شریف کی سرمایہ کاری کے فروغ کیلئے ضروری تعاون فراہمی کی یقین دہانی

معدنیات کو خام شکل میں برآمد نہ بھیجا جائے، وزیراعظم

وفاقی اور صوبائی حکومتیں معدنیات کے شعبے کے فروغ کیلئے مل کر کام کریں گی، سرمایہ کاروں کا تحفظ ہمارا تحفظ اور ان کی سلامتی ہماری سلامتی ہے

سرمایہ کاروں کے مفادات کے تحفظ کیلئے ایک ٹیم کے طور پر کام کریں گے، سرمایہ کاروں کی توقعات پر پورا اترنے کیلئے طریقہ کار آسان بنایا جا رہا ہے

لائسنس اور معاہدوں کے اجرا میں مکمل شفافیت یقینی بنائیں گے، انشاءاللہ 2050 سے بھی پہلے دنیا کی بڑی معیشتوں میں پاکستان شامل ہوگا، شہباز شریف کا منرلز فورم سے خطاب

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے کاروباری برادری کو سرمایہ کاری کے فروغ کیلئے تمام ضروری تعاون فراہم کرنے کی یقین دہانی کراتے ہوئے کہا ہے کہ وفاقی اور صوبائی حکومتیں معدنیات کے شعبے کے فروغ کیلئے مل کر کام کریں گی، (بقیہ نمبر 49)

چیئرمین سی ڈی اے کا جدید ٹریفک سگنلز اور پیلیکن کراسنگز منصوبے کا دورہ

چیئرمین سی ڈی اے کا اسلام آباد میں موجود ٹریفک سگنلز اور پیڈسٹرین (پیلیکن) کراسنگز کی تنصیب و اپ گریڈیشن کے منصوبے کا دورہ اور تفصیلی معائنہ

منصوبے کے تحت دارالحکومت میں اسٹیٹ آف دی آرٹ 35 ٹریفک سگنلز انٹرسیکشنز اور 18 پیڈسٹرین کراسنگز نصب کی جائیں گی

دامنِ کوہ چوک پر 85 فیصد، جبکہ ریڈیو پاکستان، فیصل چوک اور پاک سیکریٹریٹ پر 50 فیصد سول ورک مکمل، منصوبہ رواں برس پورا ہوگا

جدید سگنلز کی تنصیب سے ٹریفک کے بہاؤ میں بہتری اور حادثات میں نمایاں کمی آئے گی، سہیل اشرف کی معیار اور شفافیت یقینی بنانے کی ہدایت

اسلام آباد (این ای این) چیئرمین نیشنل ڈویلپمنٹ اتھارٹی (سی ڈی اے) و چیف کمشنر اسلام آباد سہیل اشرف نے اسلام آباد میں موجود ٹریفک سگنلز اور پیڈسٹرین (پیلیکن) کراسنگز کی اپگریڈیشن اور ماڈرنائزیشن کے منصوبے کا دورہ کیا اور تفصیلی معائنہ کیا۔ متعلقہ حکام نے چیئرمین سی ڈی اے کو منصوبے کی تکمیل کی (بقیہ نمبر 3)



چیئرمین سی ڈی اے سہیل اشرف کا مارگلہ ایونیو توسیعی و سنگجانی انٹرچینج منصوبے کا دورہ

سہیل اشرف کا مارگلہ ایونیو توسیعی و سنگجانی انٹرچینج منصوبے کا دورہ

منصوبے پر 24 گھنٹے کام جاری، مجموعی طور پر 36 فیصد ترقیاتی کام مکمل کر لیا گیا، حکام کی بریفنگ

منصوبے کی تکمیل سے خیبر پختونخوا سے آنے والوں اور ایئرپورٹ جانے والے مسافروں کو بہترین سفری سہولت میسر آئے گی، سہیل اشرف

ترقیاتی منصوبوں اور راجہ بازار بیوٹیفکیشن ورک کا معائنہ

ڈپٹی کمشنر راولپنڈی کا

تاریخی راجہ بازار کی تزئین و آرائش، صفائی اور پیدل چلنے والوں کی سہولیات پر خصوصی توجہ دی جائے، کیپٹن (ر) ندیم ناصر

ترقیاتی کاموں کے دوران تاجروں اور شہریوں کو کم سے کم مشکلات ہونی چاہئیں، تعمیراتی معیار اور مقررہ مدت کی پابندی یقینی بنائی جائے

سڑکوں، فٹ پاتھوں، گرین بیلٹس اور نکاسی آب کی بہتری کے لیے تمام محکمے مربوط انداز میں کام کریں، افسران کو ہدایات

راولپنڈی (این ای این) ڈپٹی کمشنر راولپنڈی کیپٹن (ر) ندیم ناصر نے شہر میں جاری مختلف ترقیاتی منصوبوں پر پیش رفت کا جائزہ لینے کے لیے مختلف علاقوں کا دورہ کیا، جس میں راجہ بازار سمیت شہر کے اہم مقامات پر جاری بیوٹیفکیشن اور تزئین و آرائش کے کاموں کا معائنہ بھی شامل تھا۔ اس موقع پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر سوشل سروسز فضائل مدثر، اسسٹنٹ کمشنر سٹی، چیف آفیسر میونسپل کارپوریشن، ایم (بقیہ نمبر 8)

روزانہ کافی پینے سے دماغی تنزلی کا خطرہ نمایاں حد تک کم ہو جاتا ہے

لندن (این این آئی) طبی اور سائنسی جریدے میں شائع ہونے والی ایک نئی بین الاقوامی تحقیق میں انکشاف کیا گیا ہے کہ روزانہ اعتدال کے ساتھ کافی کا استعمال انسان کو بڑھتی عمر کے ساتھ لاحق ہونے والی دماغی (بقیہ نمبر 45)

زرعی اور صنعتی صارفین کیلئے فی یونٹ بجلی 2 روپے 32 پیسے مہنگی

نیپرا نے اضافی بجلی کی کھپت کے ٹیرف میں اضافے کا نوٹی فکیشن جاری کر دیا

اسلام آباد (آئی آئی پی) وزیراعظم پیکیج کے تحت اضافی بجلی استعمال کرنے والے زرعی اور صنعتی صارفین کے لیے فی یونٹ بجلی 2 روپے 98 پیسے سے بڑھا کر 25 روپے 30 پیسے مقرر کر دیا گیا ہے، نئے اضافی ٹیرف کا اطلاق نومبر کے بلنگ مہینے سے ہوگا۔ جاری کر دیا۔ نوٹی فکیشن کے مطابق زرعی اور صنعتی صارفین کے لیے فی یونٹ بجلی کا نرخ 22 روپے 32 پیسے مہنگی کر دی گئی، نیپرا نے اضافی بجلی کی کھپت کے ٹیرف میں اضافے کا نوٹی فکیشن

بلدیاتی الیکشن کی تیاری مکمل 500 سے زائد کونسلرز کا ریکارڈ ہدف حاصل کر لیا

خاقان وحید خواجہ

بلدیاتی انتخابات کی تازہ صورتحال کا جائزہ لینے کے لیے جلد ہنگامی اجلاس طلب کر رہے ہیں، چیئرمین پاکستان عوامی قوت پارٹی

پانچ سو سے زائد کونسلرز کا ہدف حاصل کرنا اس بات کا ثبوت ہے کہ ہم اسلام آباد کی بڑی سیاسی قوت ہیں، رہنماؤں سے خطاب

اسلام آباد (پ۔ر) پاکستان عوامی قوت پارٹی کے چیئرمین خاقان وحید خواجہ نے کہا ہے کہ جو اس بات کا ثبوت ہے کہ ہم اسلام آباد میں بلدیاتی الیکشن کی تیاری مکمل ہے ہم نے ریکارڈ 500 سے زائد کونسلرز کا ہدف حاصل کر لیا ہے بڑی پارٹی ہیں۔ یہ بات انہوں نے بنی گالہ میں بلدیاتی کارنر میٹنگ اور مختلف وفود سے بات چیت کرتی ہوئی کہی۔ بنی گالہ میں عبدالرؤف جنجوعہ کی رہائش گاہ پر کارنر (بقیہ نمبر 11)



اسلام آباد: خاتون اول بی بی آصفہ بھٹو زرداری بیگم چیف آف دی نیول اسٹاف فوزیہ نوید کے ہمراہ PNWA سالانہ عظیم الشان فیسٹیول 2026 کے افتتاح کے موقع پر کیک کاٹ رہی ہیں

33 ہزار فٹ بلندی پر مسافر طیارے کے باتھ روم کا نل خراب

شکاگو (این این آئی) امریکا میں ایک مسافر طیارے کے باتھ روم کا نل اچانک خراب ہونے سے دورانِ پرواز جہاز کے اندر پانی پھیل گیا جس کے باعث طیارے کو ہنگامی لینڈنگ کرنا پڑی۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق ڈینور سے ڈیٹرائٹ جانے والی نجی ایئر لائن کی پرواز کے اگلے حصے میں واقع باتھ روم کے واش بیسن سے پانی تیزی سے رسنے لگا جو مسافر کیبن کے فرش اور گزرگاہ میں پھیل کر تالاب (بقیہ نمبر 50)

ڈاکٹر سمیع اللہ سومرو نے بطور ایس ایس پی کشمور کندھکوٹ چارج سنبھال لیا

ایس ایس پی آفس آمد پر پولیس کے چاق و چوبند دستے نے سلامی پیش کی

کرپشن، رشوت ستانی اور اختیارات کے ناجائز استعمال پر زیرو ٹالرنس پالیسی ہوگی

کندھ کوٹ (سید رشید احمد شاہ) ڈاکٹر سمیع اللہ سومرو نے آج بطور ایس ایس پی ضلع کشمور @ کندھکوٹ اپنے عہدے کا باقاعدہ چارج سنبھال لیا۔ اس موقع پر ایس ایس پی آفس کندھکوٹ میں تقریب منعقد ہوئی، جہاں پولیس کے چاق و چوبند دستے نے انہیں سلامی پیش کی بعدازاں ایس ایس پی کشمور ڈاکٹر سمیع اللہ سومرو کی زیر صدارت تمام ایس (بقیہ نمبر 12)

سنگجانی انٹرچینج انڈر پاس کا اسٹرکچرل ورک اور چار کلورٹس مکمل، لوپس اور ریمپس پر تیزی سے کام جاری

سہیل اشرف کا مارگلہ ایونیو توسیعی و سنگجانی انٹرچینج منصوبے کا دورہ

منصوبے پر 24 گھنٹے کام جاری، مجموعی طور پر 36 فیصد ترقیاتی کام مکمل کر لیا گیا، حکام کی بریفنگ

منصوبے کی تکمیل سے خیبر پختونخوا سے آنے والوں اور ایئرپورٹ جانے والے مسافروں کو بہترین سفری سہولت میسر آئے گی، سہیل اشرف

ابتدائی بچپن کی معیاری تعلیم روشن مستقبل کی بنیاد ہے، احسن اقبال

حکومت بچوں کی صلاحیتوں کو نکھارنے کے لیے اقدامات کر رہی ہے، وفاقی وزیر

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی و خصوصی اقدامات پروفیسر احسن اقبال نے کہا ہے کہ ابتدائی بچپن کی معیاری اور جدید تعلیم بچوں کی ذہنی و تخلیقی صلاحیتوں کو پروان چڑھانے میں بنیادی کردار ادا کرتی ہے، آج کے بچے کل پاکستان کے روشن مستقبل کے معمار بنیں گے۔ جمعہ کو ایکس پر آئی ایم سی جی گولڑہ کیمپس کے دورے کے موقع پر بچوں سے گفتگو کرتے ویڈیو شیئر کرتے ہوئے وفاقی وزیر نے کہا (بقیہ نمبر 54)

ڈائریکٹر انفارمیشن احمد نعیم ملک کی یہ تصنیف دس سالہ تحقیق، قدیم لٹریچر اور جدید سیٹلائٹ شواہد پر مبنی ہے

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر احمد مغیث کو ''تاریخِ سکندر کا گمشدہ باب'' پیش

سکندرِ اعظم کی تاریخ پر مبنی کتاب

کتاب میں ضلع سرگودھا میں آریہ تہذیب کی تاریخ بیان کرتے ہوئے سکندرِ اعظم کی واپسی سے متعلق غلط تاریخ نویسی کو چیلنج کیا گیا ہے

غلط لکھی گئی تاریخ کی درستگی صدیوں سے رائج غیر مستند بیانیوں کی اصلاح ہے، یہ کتاب تحقیقی حلقوں کے لیے مفید ثابت ہوگی، احمد مغیث

سرگودھا (این ای این) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ہیڈکوارٹر احمد مغیث کو ضلع سرگودھا میں سکندرِ اعظم اور آریہ تہذیب کی ان کہی تاریخ پر مبنی تصنیف ''تاریخِ سکندر کا گمشدہ باب'' پیش کی گئی۔ یہ کتاب ڈائریکٹر انفارمیشن سرگودھا ڈویژن احمد نعیم ملک نے دس سالہ تحقیق کے بعد مرتب کی ہے جس میں قدیم یونانی، روی، ہندی اور انگریزی لٹریچر کے ساتھ ساتھ موقع پر موجود جغرافیائی نقوش، قدیم نقشے اور جدید سیٹلائٹ ٹیکنالوجی سے اخذ کردہ ٹھوس شواہد پیش کیے گئے ہیں۔ نیز سکندرِ اعظم کی واپسی سے متعلق دنیا کے بڑے بڑے سکالرز اور (بقیہ نمبر 14)



سرگودھا۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ہیڈکوارٹر احمد مغیث کو سجاد حسین ڈائریکٹر انفارمیشن نعیم ملک کی کتاب تاریخ سکندر کا گمشدہ باب پیش کر رہے ہیں

جعفر ایکسپریس کا پاور پلانٹ اور 2 بوگیاں پٹری سے اتر گئیں

راولپنڈی (آئی آئی پی) راولپنڈی میں پشاور سے کراچی جانے والی جعفر ایکسپریس کا پاور پلانٹ اور 2 بوگیاں پٹری سے اتر گئیں۔ ریلوے حکام کا کہنا ہے کہ حادثہ راولپنڈی اسٹیشن کے قریب پیش آیا، حادثے میں کوئی شخص زخمی یا جاں بحق نہیں ہوا۔ حکام کا (بقیہ نمبر 47)

بھارت: رس گلہ سمجھ کر دیسی ساختہ بم منہ میں رکھنے سے ایک شخص ہلاک

نئی دہلی (آئی آئی پی) بھارتی ریاست مدھیہ پردیش میں مٹھائی کی شکل میں تیار کیا گیا دیسی ساختہ بم منہ میں پھٹنے سے 35 سالہ شخص ہلاک ہوگیا۔ پولیس کے مطابق راجندر بروتیا نامی شخص ضلع ڈنڈوری میں الاؤ کے گرد بیٹھا ہوا تھا، اس دوران گاؤں کے ایک شخص نے مٹھائی جیسی دکھائی دینے والی چیز وہاں (بقیہ نمبر 48)

مائیکروسافٹ کی سروسز متاثر، صارفین کو شدید مشکلات کا سامنا

امریکا میں آؤٹ لک سے متعلق ایک لاکھ اکتیس ہزار سے زائد شکایات موصول

واشنگٹن (این این آئی) دنیا بھر میں معروف ٹیکنالوجی کمپنی مائیکروسافٹ کی آن لائن سروسز اچانک متاثر ہونے سے کروڑوں صارفین کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق اس تکنیکی خرابی کے باعث ای میل اور دیگر دفتری امور (بقیہ نمبر 46)



جنیوا: وفاقی وزیر برائے بورڈ آف انویسٹمنٹ قیصر احمد شیخ میڈیٹرینین شپنگ کمپنی (MSC) کے چیف ایگزیکٹو آفیسر سوین ٹوفٹ کے ساتھ جنیوا، سوئٹزرلینڈ میں کمپنی کے دفتر میں ملاقات کر رہے ہیں

پنجاب ترقی کر رہا ہے اس لئے کچھ لوگوں کو ڈر لگ رہا ہے، عظمیٰ بخاری

مریم نواز نے دو سال میں پنجاب میں وہ کام کر دکھائے جو ملکی تاریخ میں کوئی نہ کر سکا، وزیر اطلاعات پنجاب

جھوٹے بیانیوں، پروپیگنڈے اور سیاسی شعبدہ بازی سے نہ حکومتیں چلتی ہیں نہ گرتی ہیں، عظمیٰ بخاری

لاہور (این ای این) وزیر اطلاعات و ثقافت پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ پنجاب تیزی سے ترقی کر رہا ہے، یہی وجہ ہے کہ بعض سیاسی عناصر کو اس ترقی سے خوف محسوس ہو رہا ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے گڈ گورننس، شفافیت اور میرٹ کو پنجاب کی حکمرانی کا بنیادی ماڈل بنا دیا ہے، جس کی مثال اب دوسرے صوبوں میں بھی دی جا رہی ہے۔ اپنے ایک بیان میں عظمیٰ بخاری نے (بقیہ نمبر 9)

بھارتی سپانسرڈ دہشت گردوں کو کہیں چھپنے کی جگہ نہیں ملے گی

دونوں صوبوں میں دہشت گردوں کو کہیں چھپنے کی جگہ نہیں ملے گی، محسن نقوی

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے بلوچستان اور خیبر پختونخوا میں بھارتی سرپرستی یافتہ دہشت گردوں کے خلاف کامیاب آپریشنز پر سکیورٹی فورسز کو خراجِ تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ دونوں صوبوں میں دہشت گردوں کو کہیں (بقیہ نمبر 51)

ڈاکٹروں کا وظائف میں اضافہ نہ ملنے پر بائیکاٹ اور احتجاجی دھرنا

ہاؤس آفیسرز کو حکومت کے منظور کردہ 15 فیصد اضافے سے محروم کرنا انتہائی افسوسناک ہے

پشاور (این این آئی) لیڈی ریڈنگ ہسپتال میں ڈاکٹروں نے ایک بار پھر ماہانہ وظائف میں 15 فیصد اضافہ نہ ملنے پر ہسپتال میں ڈیوٹی سے بائیکاٹ کیا۔ ہاؤس آفیسرز ڈاکٹروں نے اپنے مطالبات کے حق میں انتظامی بلاک کے سامنے احتجاجی دھرنا دیا جس (بقیہ نمبر 52)



نائب وزیراعظم/ وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار وزارت خارجہ میں پاکستان نیشنل شپنگ کارپوریشن (PNSC) کی تنظیم نو کا جائزہ لینے کے لیے ایک اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

گوجر خان دیہی علاقوں میں بنیادی صحت کی سہولیات کا جائزہ

ڈپٹی ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر شیخ عامر محمود کا دولتالہ اور سکھو کا ہنگامی فیلڈ دورہ

گوجر خان (قمر شہزاد) ڈپٹی ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر گوجر خان ڈاکٹر شیخ عامر محمود نے کمیونٹی ہیلتھ انسپکٹرز پروگرام کے تحت یونین کونسل دولتالہ اور سکھو کا تفصیلی فیلڈ دورہ کیا۔ دورے کے دوران انہوں نے فیلڈ عملے سے ملاقات کی اور گھر گھر فراہم کی جانے والی بنیادی (بقیہ نمبر 16)

تھانہ مندرہ نواحی گاؤں سکریلہ میں فائرنگ کا واقعہ

قریبی عزیزوں کی اندھا دھند گولیوں سے چچا اور کزن شدید زخمی

گوجر خان (قمر شہزاد) تھانہ مندرہ کی پولیس چوکی سکھو موڑ کی حدود میں واقع گاؤں سکریلہ نزد منگھوٹ میں فائرنگ کے ایک افسوسناک واقعے میں دو افراد زخمی ہو گئے۔ ابتدائی اطلاعات اور مقامی ذرائع کے مطابق فائرنگ کا یہ واقعہ قریبی رشتہ داروں کے درمیان (بقیہ نمبر 15)

وزیر اعلیٰ انسپکشن ٹیم کا ڈی ایچ کیو ہسپتال ساہیوال کا اچانک دورہ

معاون خصوصی شعیب مرزا نے اسسٹنٹ کمشنر شمس الرحمٰن خان کے ہمراہ ہسپتال کے مختلف وارڈز کا تفصیلی معائنہ کیا

وزیر اعلیٰ مریم نواز کی ہدایت پر مریضوں کو معیاری طبی خدمات کی فراہمی یقینی بنانے کے لئے اقدامات جاری ہیں، شعیب مرزا

سرگودھا (طارق قاسمی سے) وزیر اعلیٰ انسپکشن ٹیم کا تشکیل ہیڈکوارٹر ہسپتال ساہیوال کا وزٹ کا رکردگی پر اطمینان کا اظہار وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر سرکاری ہسپتالوں میں طبی سہولیات کی بہتری اور مریضوں کو معیاری علاج معالجے کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے انسپکشن کا سلسلہ جاری ہے۔ اس سلسلے میں معاون خصوصی شعیب مرزا نے اسسٹنٹ کمشنر ساہی وال شمس الرحمن خان کے ہمراہ تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال ساہیوال کا اچانک دورہ کیا۔ دورے کے دوران سی ایم انسپکشن ٹیم نے ہسپتال کے مختلف وارڈز کا تفصیلی معائنہ کیا اور مریضوں کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات، صفائی ستھرائی، علاج معالجے کے انتظامات اور دیگر ضروری سہولیات کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر ہسپتال میں طبی خدمات اور مریضوں کی دیکھ بھال کے انتظامات بھی چیک کیے گئے۔ معاون خصوصی شعیب (بقیہ نمبر 10)



سرگودھا، وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے معاون خصوصی شعیب مرزا اسسٹنٹ کمشنر ساہی وال کے ہمراہ تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال ساہیوال کا دورہ کرتے ہوئے

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

سموگ، بیماریاں اور معاشی قیمت

ملک کے میدانی علاقوں میں فضائی آلودگی میں اضافے نے شہریوں کو صحت کے سنگین مسائل سے دوچار کر رکھا ہے۔ ایک خبر کے مطابق فضائی آلودگی کی وجہ سے صرف لاہور کے چھ بڑے سرکاری ہسپتالوں میں گزشتہ ایک ہفتے کے دوران فلو، کھانسی، گلے میں درد سمیت امراضِ تنفس کی علامات کیساتھ 18 ہزار سے زائد مریض رپورٹ ہوئے۔ فضائی آلودگی کے اثرات بچوں پر بالخصوص زیادہ مرتب ہو رہے ہیں۔ آلودہ فضا میں موجود باریک ذرات بچوں کے پھیپھڑوں میں گہرائی تک پہنچ کر ان کی نشوونما اور سانس لینے کی صلاحیت متاثر کر سکتے ہیں۔ تشویشناک امر یہ ہے کہ آلودگی کے اثرات صرف بچپن تک محدود نہیں رہتے بلکہ پھیپھڑوں کی کمزور کارکردگی کے باعث انکی صحت کو طویل عرصے تک متاثر کر سکتے ہیں۔

آلودگی کے باعث بیماریوں میں اضافے سے عوام کے علاج معالجے پر اخراجات بڑھ رہے ہیں جبکہ کام کرنے کی صلاحیت، تعلیمی سرگرمیاں اور مجموعی پیداواری عمل بھی متاثر ہو رہا ہے۔ ورلڈ بینک کی ایک رپورٹ کے مطابق فضائی آلودگی پاکستان کو ملکی معیشت کو سالانہ مجموعی قومی پیداوار کے تقریباً 6.5 فیصد کے برابر نقصان پہنچا سکتی ہے۔ ضروری ہے کہ حکومت فضائی آلودگی کے تدارک کیلئے جامع، مؤثر اور قابلِ عمل حکمت عملی اختیار کرے، کیونکہ صاف فضا شہریوں کا بنیادی حق ہے اور اس حق کا تحفظ ریاست کی ذمہ داری۔

ٹرمپ کی جنت میں جانے کی خواہش

عمران یعقوب خان

دنیا میں بعض لوگ ایسے ہوتے ہیں جنہیں اپنی شخصیت پر اتنا اعتماد ہوتا ہے کہ وہ یہ سمجھنے لگتے ہیں کہ ان کے جیسا اور کوئی نہیں، اور اگر وہ دنیا میں پیدا نہ ہوتے تو پتا نہیں کیا ہو جاتا۔ امریکی سیاست میں ڈونلڈ ٹرمپ کا تعلق بھی اسی قبیلے سے محسوس ہوتا ہے۔ بزعمِ خود اُن کے اعتماد کا عالم یہ ہے کہ اگر کبھی ان سے پوچھا جائے کہ سورج مشرق سے کیوں نکلتا ہے تو شاید یہ جواب دیں: کیونکہ میں نے اسے ایسا کرنے کا مشورہ دیا، ورنہ وہ مغرب سے بھی نکل سکتا تھا۔ ان کی جانب سے آٹھ جنگیں بند کرانے کا دعویٰ کئی بار کیا جا چکا ہے۔ یہ بھی کہا گیا کہ اتنی جنگیں بند کرانے کے باوجود انہیں نوبیل انعام نہ دیا جانا ان کے ساتھ زیادتی ہے۔ ٹرمپ نے کہا تھا کہ انہیں نوبیل امن انعام نہ دینے کا فیصلہ شرمناک اور باعثِ خفت ہے اور اس سے ناروے پر ایسا داغ لگا ہے جو کبھی نہیں مٹے گا۔ وہ آٹھ جنگیں بند کرانے کی تو بات کرتے ہیں لیکن انہوں نے خود کتنی جنگیں شروع کرائیں، اور ان جنگوں کی وجہ سے کتنی انسانیت قتل ہوئی اور اب تیل کے راستوں کی بندش کی وجہ سے پوری دنیا میں جو کروڑوں، اربوں لوگ متاثر ہو رہے ہیں، اس کی طرف ان کا دھیان کم ہی جاتا ہے۔

یورپ کے مختلف ممالک میں امسال اکتوبر میں شروع ہونے والے ہنگامے اب تک جاری ہیں۔ مہنگائی، بیروزگاری، معاشی عدم مساوات اور تعلیمی بجٹ میں کٹوتی کے خلاف نوجوانوں اور عام شہریوں کی جانب سے بڑے پیمانے پر احتجاجی مظاہرے اور ہنگامے پھوٹ پڑے ہیں۔ فرانس اور جرمنی کے ساتھ ساتھ البانیہ، بلجیم، سپین اور اٹلی سمیت مختلف یورپی ممالک میں مہنگائی اور سماجی بے چینی کے خلاف مظاہرے دیکھنے میں آ رہے ہیں جبکہ عالمی سطح پر مہنگائی کے بڑھنے کی وجہ آبنائے ہرمز اور باب المندب کے بند ہونے کے باعث پٹرولیم مصنوعات کی ترسیل میں پیدا ہونے والا تعطل ہے جو دو ماہ سے زیادہ عرصے سے جاری ہے۔ پٹرولیم مصنوعات کی ترسیل میں رکاوٹ نے عالمی صنعت و زراعت اور وسیع تر تناظر میں پوری دنیا کی معیشت کو شدید خطرات سے دوچار کر دیا ہے۔ کورونا کی وجہ سے پیدا ہونے والی عالمی کساد بازاری کے اثرات ابھی ختم نہیں ہوئے تھے کہ پہلے روس یوکرین جنگ اور اب ایران امریکہ جنگ نے عالمی معیشت کو مزید غیر یقینی کا شکار بنا دیا ہے۔

خطے میں کشیدگی کے خاتمے کے لیے سفارتی رابطوں کو تیز کیا گیا ہے، جس میں قطر اور پاکستان ثالثی کا کردار ادا کر رہے ہیں۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے مطابق ایران کے ساتھ جنگ فوجی اعتبار سے عملاً ختم ہو چکی ہے اور وہ امریکی بحری ناکہ بندی سے مطمئن ہیں۔ ان کا کہنا ہے کہ ایران جوہری ہتھیار نہ بنانے کی امریکی شرط تسلیم کر چکا ہے۔ دوسری جانب ایران کی سپریم نیشنل سکیورٹی کونسل کے سیکرٹری میجر جنرل محسن رضائی نے کہا ہے کہ امریکہ مایوس جواری کی طرح ہاتھ پاؤں مار رہا ہے۔ ایران کی جانب سے یہ بھی کہا گیا کہ اب اگر امریکہ نے اس پر حملہ کیا تو اسے ایسا جواب دیا جائے گا جو دنیا کو حیرت میں مبتلا کر دے گا۔ کہنے کا مطلب یہ ہے کہ جنگ میں پیدا ہو چکے ڈیڈ لاک کے ختم ہونے کا ابھی کوئی امکان نظر نہیں آتا۔ ایسے میں ہر جگہ ایک ہی سوچ پائی جاتی ہے کہ حالات اعتدال پر کیسے آئیں گے؟

اب صدر ٹرمپ کے 'جنت' میں جانے کے بیان نے دنیا میں ایک نئی بحث چھیڑ دی ہے۔ دنیا ابھی تک یہ طے نہیں کر پائی کہ یہ بیان حد سے بڑھی ہوئی سیاسی خود اعتمادی کا شاہکار ہے، خود پسندی کا کوئی ریکارڈ ہے یا پھر انسانی تاریخ میں خوش فہمی کی کوئی نئی قسم دریافت ہوئی ہے۔ صدر ٹرمپ شاید جنت کو کسی عالمی سربراہی اجلاس کی طرح سمجھتے ہیں، جہاں پہنچ کر سب کو جمع کریں گے، ایک تقریر کریں گے اور پھر اعلان فرمائیں گے: میں نے دنیا میں بہت کچھ کیا ہے، امریکہ کو عظیم بنایا، انتخابات لڑے، آٹھ جنگیں رکوائیں، معیشت کو نئی بلندیوں تک پہنچایا؛ چنانچہ اب میں جنت کا حق دار ہو گیا ہوں۔ لیکن جنت میں کس نے جانا ہے اور کس نے نہیں جانا، یہ فیصلہ کرنا کسی انسان کے بس میں نہیں ہے۔ پروردگار عالم جسے چاہے گا جنت میں داخل کر دے جسے چاہے گا نہیں کرے گا۔

اصل مسئلہ یہ ہے کہ ٹرمپ کی سیاست میں ہر چیز ایک سودا دکھائی دیتی ہے۔ دوستی بھی کاروبار، دشمنی بھی کاروبار، امن بھی کاروبار۔ اس پورے معاملے میں سب سے دلچسپ پہلو یہ ہے کہ انسان اپنی دنیاوی کامیابیوں کو کبھی کبھی اس قدر بڑا سمجھنے لگتا ہے کہ اسے محسوس ہونے لگتا ہے کہ کائنات کے تمام دروازے اس کے لیے خود بخود کھل جانے چاہئیں حالانکہ حقیقت یہ ہے کہ انسان چاہے کسی ملک کا صدر ہو، ارب پتی ہو، عالمی شہرت یافتہ ہو یا لاکھوں لوگوں کا محبوب رہنما، موت کے بعد اس کی حیثیت بھی ایک عام انسان جیسی ہی ہوتی ہے۔ اگلے جہان میں نہ کوئی انتخابی نشان ہوتا ہے، نہ پارٹی کا منشور، نہ صدارتی پروٹوکول اور نہ ہی کوئی ایسا ٹیلی ویژن چینل جو آپ کے حق میں مسلسل تبصرے کرتا رہے۔ ٹرمپ ہوں یا کوئی عام امریکی شہری، کوئی بادشاہ ہو یا فقیر، کوئی طاقتور حکمران ہو یا کمزور رعایا، آخرت کے معاملے میں کسی کی تشہیر کچھ نہیں کر سکتی۔ جنت کوئی انتخابی مہم کا میدان نہیں جہاں بڑے بڑے دعوے، بلند بانگ نعرے اور خود ستائشی تقریریں کام آ جائیں۔ وہاں نہ دولت کا رعب چلتا ہے، نہ عہدے کی دھاک، نہ سوشل میڈیا کے فالوورز۔

اسلامی تعلیمات کے مطابق جنت میں داخلے کا معیار کسی خاص قوم، نسل، رنگ، دولت، سیاسی منصب یا خاندانی نسبت پر نہیں بلکہ ایمان، اللہ کی رحمت، نیک اعمال، تقویٰ اور حقوق العباد کی ادائیگی پر ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: (مفہوم) بے شک جو لوگ ایمان لائے اور نیک اعمال کیے اُن کی مہمانی کے لیے فردوس کے باغ ہوں گے۔ (سورۃ الکہف) اسی طرح سورۃ الزخرف میں کہا گیا: (مفہوم) اور یہی وہ جنت ہے جس کے تم وارث بنائے گئے ہو، ان اعمال کے بدلے میں جو تم دنیا میں کیا کرتے تھے۔ حدیث مبارکہ ہے: (مفہوم) مفلس وہ شخص ہے جو قیامت کے دن نیکیوں کے پہاڑ لے کر آئے گا لیکن اس نے کسی کو گالی دی ہوگی، کسی پر تہمت لگائی ہوگی، کسی کا مال کھایا ہوگا یا کسی پر ظلم کیا ہوگا؛ چنانچہ اس کی نیکیاں مظلوموں کو دے دی جائیں گی (صحیح مسلم)۔ نبی کریم ﷺ نے ایک اور جگہ فرمایا: جس شخص کے دل میں رائی کے دانے کے برابر بھی تکبر ہوگا، وہ جنت میں داخل نہیں ہوگا۔ (صحیح مسلم)

اسلام میں کسی حکمران، صدر، بادشاہ، امیر یا طاقتور شخص کو محض اس کے منصب اور دولت کی بنیاد پر جنت کی ضمانت حاصل نہیں۔ اسی طرح کوئی غریب، کمزور یا عام انسان بھی محض اپنی سماجی حیثیت کی وجہ سے جنت سے محروم نہیں کیا جا سکتا۔ جنت کسی کی سیاسی طاقت، دولت یا دعوے سے نہیں ملتی۔ اللہ تعالیٰ کے ہاں ایمان، تقویٰ، عدل، رحم، اعمالِ صالحہ اور اس کی رحمت ہی جنت میں داخلے کی اصل ضمانت ہیں اور کسی بھی شخص کے انجام کا حتمی و قطعی فیصلہ اللہ تعالیٰ ہی کے اختیار میں ہے۔

سیاست اور نظریات کا اچار

خورشید ندیم

محمد السید کی ''اسلامیت'' اس وقت زیرِ بحث ہے۔ ایک طرف خوشی کے شادیانے بجائے جا رہے ہیں کہ پہلا مسلمان امریکی سینیٹ تک جا پہنچا۔ دوسری طرف واویلا ہے کہ پہلے السید کا ''اسلام'' تو دیکھو! اس کے نظریات کو سمجھو۔ وہ تو ہم جنس پرستی کو بھی غلط نہیں کہتا۔ ایسے خیالات کے ساتھ کیا تم اسے مسلمانوں کا نمائندہ قرار دے سکتے ہو؟

یہ بحث اس وقت بھی اٹھی تھی جب ممدانی نیو یارک کے میئر منتخب ہوئے۔ ان کے نظریات بھی کم و بیش وہی ہیں جو السید کے ہیں۔ تاہم دونوں کے بہت سے خیالات ایسے بھی ہیں جن سے اکثریت کو اتفاق ہے۔ جیسے اسرائیل کے ظلم کی مذمت۔ ایران پر امریکی حملے اور جناب خامنہ ای کے قتل کی مذمت۔ صدر ٹرمپ کی مخالفت اور انہی کے لب و لہجے میں ان کو جواب دینا۔ یہ سب باتیں وہی ہیں جو سب پسند کرتے ہیں۔ یہ بات بھی اہم ہے کہ یہ حضرات صرف مسلمانوں کے ووٹوں سے منتخب نہیں ہوئے۔ دوسری شناخت رکھنے والوں نے بھی ان کی حمایت کی۔ گویا یہ رجحان دوسرے طبقات میں بھی پایا جاتا ہے۔ یہ خود بھی سب کو ساتھ لے کر چلنے کی بات کرتے ہیں۔ مذہب، اُن کی سیاست میں اس کے سوا کوئی معنی نہیں رکھتا کہ وہ مذہبی آزادی کا احترام کرتے ہوئے مذہب کو فرد کا ذاتی معاملہ سمجھتے ہیں۔

سوال یہ ہے کہ ان لوگوں کی پہچان کیا ہے؟ ہم موجود نظریاتی خانوں میں کیا انہیں کسی ایک مخصوص خانے میں ڈال سکتے ہیں؟ یہ عموی شہرت میں بائیں بازو والے ہیں لیکن اس کے ساتھ چین کے بھی مخالف ہیں۔ تاہم یہ روس کی طرف کچھ جھکاؤ رکھتے ہیں۔ سرمایہ دارانہ نظام کے خلاف ہیں لیکن روس کو پسند کرتے ہیں۔ اپنے مسلمان ہونے پر شرمندہ نہیں لیکن خود کو اسلام کی کسی خاص تعبیر سے وابستہ نہیں کرتے۔ وہ مذہب کو فرد کا ذاتی معاملہ قرار دیتے ہیں۔ ان کی شخصیات اور خیالات، مختلف افکار، رجحانات اور تصورات کا ملغوبہ ہیں۔ اس ملغوبے کو کیا ہم کوئی خاص عنوان دے سکتے ہیں؟

میں اس سے ملتا جلتا رجحان پاکستان میں بھی دیکھتا ہوں۔ اس حوالے سے تحریک انصاف اور عمران خان صاحب کی شخصیت مطالعے کا ایک دلچسپ موضوع ہیں۔ خان صاحب سے وابستہ لوگ مختلف نظریات اور رجحانات کے حامل ہیں۔ ان میں وہ بھی ہیں جو جدید تعلیمی اداروں کے فارغ التحصیل ہیں اور وہ بھی جو مدرسے کے پڑھے ہوئے ہیں۔ عبادت گزار اور مذہبی افراد بھی ان کی حمایت میں کھڑے ہیں اور لبرل و آزاد منش بھی۔ بظاہر ان لوگوں میں کچھ مشترک نہیں۔ لیکن عمران خان صاحب پر یہ سب متفق ہیں۔ ان کی سیاست اچار کی صورت اختیار کر چکی ہے۔ سبز مرچ بھی ہے اور گاجر بھی۔ آم بھی اور کریلے بھی۔

یہ رجحان ماضی سے بہت مختلف ہے۔ بیسویں صدی نظریات کی صدی تھی۔ دنیا میں نظریات کی بنیاد پر ایک واضح تقسیم تھی۔ کسی کے نزدیک ایشیا سرخ تھا اور کسی کے خیال میں سبز۔ کہیں دو رنگ ملتے نہیں تھے۔ سوویت یونین کے انہدام کے بعد یہ تقسیم باقی نہیں رہی۔ دنیا یک رنگ ہو گئی۔ یہ سرمایہ داری کا رنگ تھا۔ سب اس رنگ میں رنگے گئے۔ بقا کی واحد صورت یہی تھی جس کو اختیار کرنا مجبوری بن گیا۔ اکیسویں صدی کے آغاز تک یہی رنگ نمایاں رہا۔ مختلف معاشروں کی تہہ میں مگر اس جبر کے خلاف اضطراب تھا۔ اس اضطراب میں مقامی رنگ بھی شامل تھے۔ اس پس منظر میں سیاسی افق پر ٹرمپ، مودی اور عمران خان جیسے کردار نمودار ہوئے۔ انہوں نے موجود نظاموں کو چیلنج کرنا شروع کیا۔ سب نے اپنے اپنے سماج کے کسی ایک غالب رنگ کو اپنا لیا لیکن ہم رنگ ہونے کا تاثر دیا۔ ٹرمپ نے خود کو سفید فام امریکیوں کا نمائندہ بنا کر پیش کیا۔ مودی نے انتہا پسند ہندو عصبیت کا علم اٹھایا۔ عمران خان صاحب نے مذہبی ٹچ دیا اور ''ریاست مدینہ'' کا جھنڈا اٹھا لیا۔ ان جھنڈوں تلے وہ سب جمع ہو گئے جو اپنی قیادت کے ساتھ ہم رنگ نہیں تھے۔ مودی کی حمایت بھارتی نیشنلسٹ طبقے نے بھی کی۔ عمران خان صاحب کے ساتھ وہ بھی کھڑے ہوئے جو کسی ''ریاست مدینہ'' کے حق میں نہیں تھے۔ یہ محض اتفاق ہے کہ عمران خان صاحب کے حامیوں کی اکثریت ابتدا میں ٹرمپ کی حامی تھی۔ یہ ان کرداروں میں پائی جانے والی مماثلت کا غیر شعوری اظہار تھا۔ کیا متنوع رجحانات کے اس مجموعے کو کوئی ایک نام دیا جا سکتا ہے؟

یہ سوال مجھے ''پوسٹ ماڈرن ازم'' کی طرف لے جاتا ہے۔ بیسویں صدی میں جو نظریات وجود میں آئے۔ مذہبی ہوں یا غیر مذہبی، اُن کی تشکیل ''جدیدیت'' کے زیرِ اثر ہوئی۔ جدیدیت کی ایک خصوصیت زندگی کو ایک منضبط اکائی کے طور پر دیکھنا ہے۔ یہ سائنسی انقلاب کا ناگزیر نتیجہ تھا۔ سائنس ریاضی کی زبان میں کلام کرتی ہے۔ دو اور دو چار ہوتے ہیں۔ یہ پونے چار یا سوا چار نہیں ہو سکتے۔ اسی کے زیرِ اثر سماج کو بھی سمجھا گیا۔ یوں انسان اور زندگی کو نظاموں کا پابند بنا دیا گیا۔ سیاسی نظام، معاشی نظام۔ اس طرح ریاست کو بھی ایک خاص تعریف میں قید کر دیا گیا۔ یہ جدیدیت کا جبر تھا کہ اداروں کے ساتھ خیالات کو بھی سٹرکچر کا اسیر بنا دیا گیا۔

اس غلبے کے خلاف بغاوت ہوئی۔ پوسٹ ماڈرن نظام اس بغاوت کا اظہار ہے۔ اس لیے اسے Post Structuralism بھی کہتے ہیں۔ اس نظریے کے مطابق لازم نہیں ہر چیز کی کوئی باضابطہ صورت ہو۔ سیاست ضروری نہیں کہ کسی ایک نظریاتی سانچے کی پابند ہو۔ معیشت کا سرمایہ دارانہ، اشتراکی یا اسلامی ہونا بھی ضروری نہیں۔ پوسٹ ماڈرن ازم دراصل سٹرکچر کو توڑنے کا نام ہے۔ آج دنیا میں یہی ہو رہا ہے۔ ممدانی اور السید کو کسی ایک نظریاتی خانے میں نہیں ڈالا جا سکتا۔ وہ پوسٹ ماڈرن ازم کے نمائندہ ہیں۔ وہ سب رنگ لیے ہوئے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ ان کے چاہنے والوں میں بھی ایک تنوع ہے۔ وہی جو ہم یہاں عمران خان صاحب کے مداحوں میں دیکھتے ہیں۔ ان سے وابستہ لوگوں میں اختلاف کے ساتھ یک رنگی بھی ہے اور وہ ہے موجودہ نظام سے بیزاری۔ یہ بیزاری اس نظریاتی وابستگی پر غالب آ گئی ہے جو ہمیں بیسویں صدی میں دکھائی دیتی تھی۔ عالمی سطح پر دیکھیے تو امریکہ اور اسرائیل سے بیزاری، مقامی سطح پر سیاسی جماعتوں اور ریاست کے سیاسی کردار سے بیزاری۔ یہ بیزار سیاست کا اظہار ہے۔ اس رجحان میں ایک مشترکہ خصوصیت ہے: ہیجان اور انتہا پسندی۔ اس میں معاملات کو گہرائی میں جا کر سمجھنے کی کوشش نہیں ہوتی۔ یہ ایک بے ساختہ ردِعمل ہے۔ آپ گرمی سے بیزار ہوئے تو اچانک فیصلہ کیا اور بیگ اٹھا کر پہاڑی علاقوں کو چل نکلے۔ یہ جانے بغیر کہ راستہ کیسا ہے۔

کیا یہ درست سمت میں ایک پیش قدمی ہے؟ کیا یہ رجحان دیرپا ہے؟ جب ایک سٹرکچر ٹوٹتا ہے تو نیا سٹرکچر وجود میں آتا ہے یا اس کے عناصر ترکیبی تادیر بکھرے رہتے ہیں؟ کیا تنظیمِ سماج کی ناگزیر ضرورت ہے؟ یہ سوالات اس وقت میرا موضوع نہیں۔ میں نے اپنے تئیں یہ جاننے کی کوشش کی ہے کہ دنیا میں آنے والی ان تبدیلیوں کا ماخذ کیا ہے۔ ان کرداروں میں جو بظاہر مختلف بھی ہو سکتے ہیں، کوئی مماثلت کیا ہے؟ تنقید سے پہلے تفہیم لازم ہے۔ اگر یہ تجزیہ درست ہے تو پھر اگلا سوال یہ ہوگا کہ اس سے کیا امیدیں وابستہ کی جا سکتی ہیں؟ اس پر ان شاء اللہ پھر بات ہوگی۔

SPORTS سپورٹس

ثاقب خان اور غازی غوری نے دو بڑے ریکارڈز برابر کر دیے

پاکستان کی جانب سے محمد زاہد، محمد نذیر اور ابرار احمد بھی یہ کارنامہ انجام دے چکے ہیں

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی ٹیسٹ میں ڈیبیو کرنے والے فاسٹ بولر ثاقب خان اور وکٹ کیپر بیٹر غازی غوری نے دو بڑے ریکارڈز برابر کر دیئے۔ تفصیلات کے مطابق ثاقب خان نے سری لنکا کے خلاف پہلی اننگز میں 130 رنز کے عوض 7 وکٹیں حاصل کیں۔ وہ ٹیسٹ ڈیبیو پر ایک اننگز میں 7 وکٹیں حاصل کرنے والے چوتھے پاکستانی بولر بن گئے۔ اس سے قبل محمد زاہد، محمد نذیر اور ابرار احمد یہ کارنامہ انجام دے چکے ہیں۔ دوسری جانب وکٹ کیپر غازی غوری نے سری لنکا کے خلاف پہلی اننگز میں 6 کیچ پکڑے اور ٹیسٹ اننگز میں یہ کارنامہ انجام دینے والے دوسرے پاکستانی وکٹ کیپر بن گئے۔ ان سے قبل سابق کپتان اور وکٹ کیپر وسیم باری ٹیسٹ کی ایک اننگز میں 6 کیچ تھام چکے ہیں۔ پاکستان کو چیمپئنز ٹرافی جتوانے والے سابق کپتان سرفراز احمد ون ڈے میچ میں یہ اعزاز اپنے نام کر چکے ہیں۔ انہوں نے 2015 کے ورلڈ کپ میں جنوبی افریقہ کے خلاف میچ میں 6 کیچ تھام کر آسٹریلیا کے ایڈم گلکرسٹ کا ریکارڈ برابر کیا تھا۔



لاہور: جناح پولو گراؤنڈ میں ڈی ایف جنگر پولو کپ 2026ء کے پہلے روز [illegible] کے درمیان میچ کا منظر۔ (فوٹو: این این آئی)

عاقب جاوید نے ماسٹر پلان تیار کیا ہے

کنٹریکٹ کا اعلان ایک دو روز میں کر دیا جائے گا، محسن نقوی

لاہور (این این آئی) پاکستان کرکٹ بورڈ کے چیئرمین محسن نقوی نے کہا ہے کہ عاقب جاوید نے ٹیم کے لیے ماسٹر پلان تیار کیا ہے، سینٹرل کنٹریکٹ کا اعلان ایک دو روز میں کر دیا جائے گا۔ نیشنل کرکٹ اکیڈمی میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے محسن نقوی نے کہا کہ محمد رضوان سے این سی آئی اے رابطہ کرے گی اور ان سے ایک دو معاملات پر وضاحت طلب کی جا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ کرکٹ سے متعلق ہونے والے تمام فیصلوں کی حمایت کرتا ہوں اور ہر چیز سے مطمئن ہوں، میری ٹیم اچھا کام کر رہی ہے اور میں نے اس پر اعتماد کیا ہے، جو نتائج دے رہی ہے۔ چیئرمین پی سی بی نے کہا کہ جو حکمت عملی بنائی گئی ہے۔

ماہ نور علی کی وزیر اعظم اور فیلڈ مارشل سے انصاف کی اپیل

پاکستان اسپورٹس بورڈ کے دفتر کے متعدد چکر لگائے لیکن ابھی تک حق نہیں مل سکا

پشاور (این این آئی) انٹرنیشنل جونیئر اسکواش کھلاڑی 14 سالہ ماہ نور علی نے وزیر اعظم پاکستان اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر صاحب سے انصاف کی اپیل کر دی۔ نجی ٹی وی کے مطابق پشاور سے تعلق رکھنے والی علی سسٹرز میں شامل ماہ نور علی نے بتایا کہ میں پاکستان کی انٹرنیشنل جونیئر اسکواش کھلاڑی کی حیثیت سے اپنے ملک پاکستان کا نام عالمی سطح پر روشن کرنے کی پوری کوشش کر رہی ہوں۔ انہوں نے کہا کہ میں نے ایشین جونیئر سپر سیریز میں چار مرتبہ گولڈ میڈل حاصل کیا، گزشتہ اور رواں برس دو مرتبہ ایشین جونیئر چیمپئن شپ کے فائنل تک پہنچی لیکن انتہائی افسوس کے ساتھ کہنا پڑ رہا ہے کہ اتنی بڑی کامیابیوں کے باوجود اپنی جائز انعامی رقم (پرائز منی) سے محروم ہوں۔ ماہ نور علی نے الزام عائد کیا کہ پاکستان اسپورٹس بورڈ اور صدر پاکستان اسپورٹس بورڈ کے دفتر کے متعدد چکر لگائے لیکن ابھی تک حق نہیں مل سکا۔ انہوں نے کہا کہ اس وقت شدید مالی مشکلات کے سبب بین الاقوامی مقابلوں میں پاکستان کی نمائندگی کرنا، سفر، ٹریننگ اور دیگر اخراجات برداشت کرنا بہت مشکل ہوتا جا رہا ہے۔ ماہ نور علی نے درخواست کی ہے کہ جائز انعامی رقم فوری طور پر ادا کرنے کے احکامات جاری کر کے مالی معاونت فراہم کی جائے تاکہ پاکستان کے لیے مزید میڈلز جیتے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ اگر ہمارے نوجوان کھلاڑیوں کو ان کی محنت کا حق اور حکومتی سرپرستی نہیں ملے گی۔

نوجوان کرکٹرز کا شاندار کارنامہ، ٹیسٹ کرکٹ میں نئی تاریخ رقم

ڈیبیو کرنے والے 3 پاکستانی کھلاڑیوں نے نصف سنچریاں اسکور کر کے نئی تاریخ رقم کی

راولپنڈی (این این آئی) پاکستان کرکٹ ٹیم کے ڈیبیو کرنے والے کھلاڑیوں نے سری لنکا کے خلاف پہلے ٹیسٹ میچ کی پہلی اننگز میں ریکارڈ قائم کر دیا ہے۔ راولپنڈی کرکٹ اسٹیڈیم میں کھیلے جانے والے ٹیسٹ میچ کی پہلی اننگز میں ڈیبیو کرنے والے 3 پاکستانی کھلاڑیوں نے نصف سنچریاں اسکور کر کے نئی تاریخ رقم کی، ان کھلاڑیوں میں طیب عارف، محمد طحہ اور عرفات منہاس شامل ہیں۔ طیب عارف نے 51 گیندوں پر، 9 چوکوں اور 1 چھکے کی مدد سے 57 رنز بنائے، محمد طحہ 105 گیندوں پر، 5 چوکوں کی مدد سے 51 رنز بنائے اور عرفات منہاس نے 72 گیندوں پر 9 چوکوں اور 1 چھکے کی مدد سے 52 رنز اسکور کیے۔ پاکستانی کھلاڑیوں کی شاندار کارکردگی کے بعد ٹیسٹ کرکٹ میں قومی ٹیم دوسری ایسی ٹیم بن گئی ہے جس کے ٹیسٹ کرکٹ میں ڈیبیو کرنے والے 3 کھلاڑیوں نے ایک ہی اننگز کے دوران نصف سنچریاں بنائی ہیں۔ اس سے قبل 1999 میں زمبابوے نے بھارت کے خلاف اپنے پہلے ٹیسٹ میچ میں ایسا کارنامہ انجام دیا تھا۔



لاہور: [illegible] (فوٹو: این این آئی)

چین میں پہلی بار فرنچائز بیسڈ کرکٹ لیگ کے انعقاد کی تیاریاں

شنگھائی (این این آئی) چین میں کرکٹ کے فروغ اور کھیل کو عالمی سطح پر وسعت دینے کے لیے پہلی بار آٹھ ٹیموں پر مشتمل فرنچائز بیسڈ ٹی 20 لیجنڈز کرکٹ لیگ متعارف کرانے کی تیاریاں شروع کر دی گئی ہیں، ورلڈ چیمپئن شپ آف کرکٹ (ڈبلیو سی سی) اور ڈونگیو ہونٹی اسپورٹس کے اشتراک سے منعقد ہونے والی اس لیگ کا پہلا ایڈیشن مئی 2027 میں شیڈول ہے جس میں عالمی کرکٹ کے نامور سابق انٹرنیشنل کھلاڑی شرکت کریں گے۔ اس منفرد منصوبے کو چین میں کرکٹ کی ترقی اور کھیل کو نئے شائقین تک پہنچانے کی جانب ایک اہم پیش رفت قرار دیا جا رہا ہے۔ کرکٹ کو لاس اینجلس 2028 اولمپکس میں شامل کیے جانے کے بعد چین سمیت نئی عالمی مارکیٹوں میں اس کھیل کے فروغ کے امکانات بھی بڑھ گئے ہیں۔

عوام کی بے ساختہ للکار
روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

اندراج تاریخ پیدائش
اندراج تاریخ وفات
اطلاع گمشدگی
تبدیلی نام
درستگی نام
اعلان لاتعلقی
عاق نامہ
اطلاع گمشدگی

تحصیلدار و راشتی اشتہار، تعلیمی بورڈ کے تمام اشتہارات اور خبروں کیلئے ادارہ کے واٹس ایپ نمبر پر دن 2:00 بجے سے رات 8:00 بجے تک رابطہ کر سکتے ہیں۔

Whatsapp: 0312-7786354
www.awamilalkaar.com

SHOWBIZ شوبز

اداکارہ شرمیلا ٹیگور کے اسلام قبول کرنے کی اہم وجہ سامنے آگئی

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ کی معروف اداکارہ شرمیلا ٹیگور کے اسلام قبول کرنے کی اہم وجہ سامنے آگئی۔ بھارتی میڈیا کے مطابق شرمیلا ٹیگور نے سابق بھارتی کرکٹ کپتان منصور علی خان پٹودی سے 1968 میں شادی سے قبل اسلام قبول کیا تھا اور نام بھی تبدیل کر کے عائشہ رکھا۔ حال ہی میں بھارتی اداکارہ کی بیٹی صبا علی خان نے ایک انٹرویو کے دوران والدہ کے شادی سے قبل مذہب تبدیل کرنے سے متعلق پوچھے گئے سوال کا جواب دیتے ہوئے بتایا کہ ہمارے خاندان کی اس وقت کی روایات اور نظام کے تحت مذہب کی تبدیلی کو شادی کے لیے ضروری سمجھا جاتا تھا۔ انہوں نے بتایا کہ مذہب کی تبدیلی کے ذریعے ہی والدین کی شادی کو قانونی حیثیت حاصل ہوئی اور ہم بچوں کی قانونی حیثیت بھی تسلیم کی گئی، میری دادی کسی بھی دوسرے طریقے سے میرے والدین کو شادی کرنے کی اجازت نہیں دیتیں۔ صبا علی خان نے بتایا کہ میرے والد منصور علی خان پٹودی روشن خیال شخصیت کے مالک تھے، انہوں نے والدہ کو مذہب تبدیل کرنے کے باوجود بھی اپنے فلمی کیریئر کو جاری رکھنے کی آزادی دی۔ انہوں نے بتایا کہ والدہ نے مذہب تبدیل کرنے کے بعد نام بھی تبدیل کیا لیکن والد یا خاندان کی جانب سے پاسپورٹ یا دیگر سرکاری دستاویزات میں نام تبدیل کرنے کے لیے والدہ پر کبھی کوئی دباؤ نہیں ڈالا گیا۔

ماضی میں ویڈیو کلپس وائرل ہونے پر مجھے ذہنی پریشانی اور ہراسانی کا احساس ہوتا تھا، مایا خان



لاہور (این این آئی) پاکستانی معروف اداکارہ و میزبان مایا خان کا کہنا ہے کہ ماضی میں ویڈیو کلپس وائرل ہونے پر مجھے ذہنی پریشانی اور ہراسانی کا احساس ہوتا تھا۔ انہوں نے کہا کہ اب میں کسی کو دوسرے کو خود پر اثر انداز ہونے کا موقع نہیں دیتی۔ مایا خان کے ماضی کے پروگرامز کی ویڈیوز وقتاً فوقتاً سوشل میڈیا پر وائرل ہوتی رہتی ہیں، جن پر اداکارہ نے حالیہ انٹرویو کے دوران خاموشی توڑ دی۔ انہوں نے بتایا کہ ابتدا میں جب کوئی شخص میرے ماضی کے ویڈیو کلپس سوشل میڈیا پر وائرل کرتا تھا تو میں بے چینی محسوس کرنے لگتی تھی اور یوں محسوس ہوتا تھا جیسے مجھے ہراساں کیا جا رہا ہو۔ ان کا کہنا ہے کہ میں سوچتی تھی کہ آخر ایسا کیوں کیا جا رہا ہے، ان واقعات کا میری ذہنی صحت پر بھی منفی اثر پڑتا تھا، تاہم وقت گزرنے کے ساتھ میرے رویے میں تبدیلی آئی ہے اور اب میں کسی کو یہ اختیار نہیں دیتی کہ وہ مجھ پر حاوی ہو یا میرا ذہنی سکون متاثر کرے۔ مایا خان کا کہنا ہے کہ اگر کوئی میرا ماضی سامنے لانا چاہتا ہے یا پرانی ویڈیوز شیئر کرنا چاہتا ہے تو وہ ایسا کرنے کے لیے آزاد ہے، اب مجھے اس سے کوئی فرق نہیں پڑتا۔

برطانوی کامیڈین و اداکار رسل برانڈ کے خلاف جنسی جرائم کے مزید الزامات سامنے آ گئے

زیادتی کے ایک نئے الزام میں واقعے کے وقت متاثرہ لڑکی کی عمر سولہ سال بتائی گئی ہے، برطانوی پولیس



آرٹس کونسل آف پاکستان کراچی اور آرٹس کونسل آف پاکستان لاڑکانہ کے مشترکہ تعاون سے جاری [illegible] 2026 کے پانچویں روز ڈرامہ ''مسکرات'' میں فنکار پرفارم کر رہے ہیں۔ (فوٹو: این این آئی)

لندن (این این آئی) برطانوی کامیڈین اور اداکار رسل برانڈ کے خلاف جنسی جرائم کے مزید الزامات سامنے آ گئے، برطانوی پولیس نے نئی شکایات کا جائزہ لینا شروع کر دیا۔ خبر ایجنسی رائٹرز کے مطابق رسل برانڈ کو ایک خاتون سے زیادتی اور تین دیگر خواتین پر جنسی حملوں کے جرم میں ساڑھے دس سال قید کی سزا سنائی جا چکی ہے، رسل برانڈ امریکی گلوکارہ کیٹی پیری کے سابق شوہر ہیں۔ بانی پی ٹی آئی کی سابق اہلیہ جمائما گولڈ اسمتھ بھی ماضی میں ان کے مبینہ پر تشدد رویے کا ذکر کر چکی ہیں، برطانوی پولیس پہلے ہی زیادتی کے 2 مزید الزامات کی تحقیقات کر رہی ہے جن میں ایک واقعے کے وقت متاثرہ لڑکی کی عمر سولہ سال بتائی گئی ہے۔

میں پتھر کے ساتھ بھی اداکاری کر سکتا ہوں، عدنان جیلانی

انڈسٹری میں ایسے باصلاحیت نوجوان اداکار اور اداکارائیں بھی موجود ہیں



کراچی (این این آئی) پاکستانی شوبز انڈسٹری کے سینئر اداکار عدنان جیلانی نے نوجوان اداکاروں کے غیر پیشہ ورانہ رویے پر کھل کر بات کرتے ہوئے سیٹ پر کام کرنے کے انداز پر سوالات اٹھا دیئے۔ عدنان جیلانی کا شمار پاکستان ڈرامہ انڈسٹری کے سینئر فنکاروں میں ہوتا ہے۔ انہوں نے اپنے فنی کیریئر کا آغاز پی ٹی وی سے کیا اور بعد ازاں نجی ٹی وی چینلز کے ڈراموں میں بھی اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوایا۔ ایک پروگرام میں گفتگو کے دوران عدنان جیلانی نے بتایا ہے کہ میں نے بعض نوجوان اداکاراؤں کے ساتھ کام کیا ہے جو اپنے ساتھی فنکاروں کو مناسب ڈائیلاگ کیو بھی نہیں دیتیں، بعض اداکارائیں طلاق سے متعلق سنجیدہ مکالمے ادا کرتے ہوئے بھی سوشل میڈیا استعمال کرنے میں مصروف رہتی ہیں۔

علی عظمت کی آواز کا جادو ''دل دل پاکستان'' گانے کی ویڈیو وائرل

گلوکار کے جذباتی انداز نے سوشل میڈیا صارفین کے دل جیت لیے



خالق نگر (این این آئی) پاکستان کے معروف راک گلوکار علی عظمت کی آزاد کشمیر کے سرحدی علاقے چکوٹھی میں ملی نغمہ ''دل دل پاکستان'' گانے کی ویڈیو سوشل میڈیا پر تیزی سے وائرل ہو رہی ہے۔ وائرل ہونے والی ویڈیو میں گلوکار کو پاک بھارت سرحد کے قریب لائن آف کنٹرول پر کھڑے ہو کر یہ مقبول قومی نغمہ گنگناتے دیکھا جا سکتا ہے۔ علی عظمت کے پرجوش اور جذباتی انداز نے وہاں موجود افراد اور سوشل میڈیا صارفین کے دلوں میں حب الوطنی کے جذبات کو تازہ کر دیا ہے۔ شائقین کی جانب سے اس پرفارمنس کو بے حد سراہا جا رہا ہے اور صارفین ان کی منفرد آواز کی خوب تعریف کر رہے ہیں۔ واضح رہے کہ معروف میوزک بینڈ ''جنون'' کے مرکزی گلوکار کے طور پر شہرت پانے والے علی عظمت اس سے قبل بھی متعدد یادگار قومی اور صوفیانہ کلام پیش کر چکے ہیں۔

معروف فوک گلوکار خان بابر خان کے نئے گانے کی ریکارڈنگ شروع

خالق نگر (این این آئی) شاہینوں کے شہر سرگودھا سے تعلق رکھنے والے بین الاقوامی شہرت یافتہ معروف فوک گلوکار خان بابر خان نے اپنے نئے میوزک پراجیکٹ پر کام تیز کرتے ہوئے نئے گانے کی ریکارڈنگ کا باقاعدہ آغاز کر دیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق اس نئے گانے کی شاعری ملک کے معروف شاعر ایم اے تبسم سے لکھوائی گئی ہے جو اس سے قبل بھی خان بابر خان کے لئے متعدد مقبول گیت لکھ چکے ہیں، اس گانے کی دھن اور کمپوزیشن خود خان بابر خان نے ترتیب دی ہے۔ خان بابر خان نے ایک ملاقات کے دوران میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ یہ گانا ان کے گزشتہ مقبول گیتوں کی طرح شائقینِ موسیقی کو بے حد پسند آئے گا۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ گانے کی آڈیو ریکارڈنگ کو حتمی شکل دینے کے بعد فوری طور پر اس کی میوزک ویڈیو کی عکسبندی شروع کر دی جائے گی۔

موسیقار جاوید خان وزیر آبادی کی نجی چینل کے پروگرام میں شاندار پرفارمنس

خالق نگر (این این آئی) ملک کے معروف فوک گلوکار اور موسیقار جاوید خان وزیر آبادی نے ایک نجی ٹی وی چینل کے میوزک پروگرام میں اپنی شاندار پرفارمنس سے ناظرین اور شائقینِ موسیقی کے دل جیت لیے۔ پروگرام کے دوران جاوید خان وزیر آبادی نے روایتی لوک گیت اور عارفانہ کلام نہایت خوبصورتی اور پختگی کے ساتھ پیش کیا، جس پر اسٹوڈیو میں موجود حاضرین نے تالیوں کی گونج میں انہیں بھرپور داد دی۔ ان کی پرفارمنس کے کلپس سوشل میڈیا پر بھی تیزی سے وائرل ہو رہے ہیں جہاں مداحوں اور موسیقی کے ناقدین کی جانب سے ان کی فنی مہارت اور آواز کے اتار چڑھاؤ کو بے حد سراہا جا رہا ہے۔ یاد رہے کہ جاوید خان وزیر آبادی نامور گلوکار منیر حسین وزیر آبادی کے شاگرد ہیں۔

بقیہ 1

دار ہے،لہٰذا پالیسی سازی کے عمل میں تاجر تنظیموں کو اعتماد میں لیا جائے اور ان کی تجاویز کو اہمیت دی جائے ، حکومت اور کاروباری طبقے کے درمیان مسلسل رابطے اور مشاورت سے نہ صرف تاجروں کے مسائل حل کیے جاسکتے ہیں بلکہ ملکی معیشت کو بھی مستحکم بنیادوں پر آگے بڑھایا جاسکتا ہے۔گزشتہ روز تاجر برادری کے وفود سے گفتگو کرتے ہوئے زاہد قریشی نے کہا کہ اسلام آباد کے تمام تجارتی مراکز، بالخصوص آئی ایٹ مرکز میں صفائی ستھرائی، پارکنگ، سکیورٹی، اسٹریٹ لائٹس، نکاسی آب اور پبلک واش رومز سمیت بنیادی شہری سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جائے ۔ پارکنگ کے منظم انتظامات، تجاوزات کے خاتمے، ٹریفک کی روانی بہتر بنانے اور مارکیٹ میں مناسب اوپن اسپیس کی فراہمی کے لیے عملی اقدامات کیے جائیں تاکہ تاجروں اور خریداروں کو درپیش مشکلات کم ہوں۔انہوں نے کہا کہ تجارتی مراکز کو سیاسی احتجاج اور غیر ضروری کاروباری رکاوٹوں سے محفوظ رکھنے کے ساتھ سی سی ٹی وی کیمروں، بجلی کے نظام اور سیکیورٹی کی بہتری، گرینری اور مارکیٹ کی خوبصورتی پر بھی توجہ دی جائے ،زاہد قریشی نے مطالبہ کیا کہ حکومت تاجروں کے لیے قابلِ عمل ریلیف پیکیج متعارف کروائے ، ٹیکس نظام کو آسان، شفاف اور کاروبار دوست بنائے اور ایسے اقدامات کرے جن سے کاروباری لاگت میں کمی اور سرمایہ کاری کے مواقع میں اضافہ ہو۔انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ سرکاری ادارے تاجر تنظیموں کے ساتھ مؤثر رابطہ اور مشاورت کا نظام قائم کریں تاکہ تاجروں کے حقوق کا تحفظ ہو اور ان کے مسائل بروقت حل کیے جاسکیں۔

بقیہ 2

جاسکیں، جمعہ کے اجتماعات کے پیش نظر جامع مساجد کے اندرونی و بیرونی حصوں، وضو خانوں، داخلی راستوں اور اطراف کی صفائی پر خصوصی توجہ دی گئی، جبکہ جراثیم کے خاتمے اور صفائی کے بہتر انتظامات کے لیے چونے کا چھڑکاؤ بھی کیا گیا،کیونیکیشن ٹیم نے مختلف جامع مساجد میں جمعہ کے اجتماعات کے بعد خصوصی آگاہی مہم چلائی اور نمازیوں وشہریوں کو صفائی برقرار رکھنے ،کوڑا کرکٹ مقررہ مقامات پر ڈالنے اور اپنے اردگرد کے ماحول کو صاف رکھنے کی اہمیت سے آگاہ کیا، ستھرا پنجاب ایجنسی راولپنڈی کی کیمونیکیشن ٹیم کی جانب سے شہریوں سے اپیل کی گئی کہ صفائی کے عمل میں انتظامیہ کا ساتھ دیں، کوڑا کرکٹ کھلے مقامات پر نہ پھینکیں، اسے نہ جلائیں اور اپنے گھروں، دکانوں، مساجد اور کاروباری مراکز کے اطراف صفائی کا خصوصی خیال رکھیں۔صاف ستھرا ماحول برقرار رکھنا صرف اداروں کی نہیں بلکہ ہر شہری کی مشترکہ ذمہ داری ہے،انٹی لٹرنگ سکواڈ نے شہر کے مختلف تجارتی مراکز، بازاروں، سڑکوں اور عوامی مقامات پر کوڑا پھیلانے اور جلانے والے افراد کو وارننگز جاری کیں، آگاہی پمفلٹس کے ذریعے شہریوں کو بتایا گیا کہ کوڑا کرکٹ سڑکوں، گلیوں اور کھلے مقامات پر پھینکنے یا جلانے کی صورت میں متعلقہ قوانین کے تحت جرمانہ عائد اور سزائیں دی جاسکتی ہیں۔شہریوں پر زور دیا گیا کہ وہ کوڑا مقررہ مقامات پر ڈالیں اور اسے کھلے عام جلانے سے گریز کریں تاکہ فضائی آلودگی، سموگ اور ماحولیاتی خطرات سے بچا جاسکے ،زیرو ویسٹ آپریشن کے دوران شہر کی اہم شاہراہوں اور رابطہ سڑکوں کی واشنگ، مکینیکل و مینوئل سویپنگ، سڑکوں کے اطراف اور درمیانی حصوں سے مٹی کی سکریپنگ، گرین بیلٹس اور سڑکوں کے کناروں سے گھاس کی کٹائی بھی کی گئی۔ اس کے علاوہ قبرستانوں، خالی پلاٹوں، گلیوں، نالیوں اور دیگر عوامی مقامات کی صفائی کے خصوصی انتظامات کیے گئے تاکہ کوڑا کرکٹ، گندگی اور پانی کے ممکنہ جمع ہونے والے مقامات کا خاتمہ کر کے ڈینگی کی افزائش کے امکانات کو کم کیا جاسکے۔

بقیہ 3

کیڈرز کے مجموعی طور پر 40افسران و ملازمین کی ترقیوں کے کیسز زیرِ غور آئے ، جن میں اسسٹنٹ سیکرٹری سے ڈپٹی سیکرٹری کے عہدے پر 02، سپرنٹنڈنٹ سے اسسٹنٹ سیکرٹری کے عہدے پر 04،اسسٹنٹ سے سپرنٹنڈنٹ کے عہدے پر 14 جبکہ سینئر کلرک سے اسسٹنٹ کے عہدے پر 20 ملازمین کی ترقی کی سفارشات شامل ہیں۔علاوہ ازیں،ان افسران وملازمین کے کنفرمیشن کیسز کا بھی جائزہ لیا گیا جنھوں نے اپنی پروبیشن کی مدت کامیابی سے مکمل کرلی ہے۔اجلاس میں اس اَمر پر زور دیا گیا کہ افسران و ملازمین کی ترقیوں اور دیگر سروس معاملات میں شفافیت، میرٹ اور مروجہ قواعد وضوابط کی مکمل پاسداری کو یقینی بنایا جائے تاکہ ادارے میں پیشہ ورانہ استعداد، انتظامی بہتری اور ملازمین کی حوصلہ افزائی کو فروغ دیا جاسکے۔

بقیہ 4

رپورٹ پیش کی جائے۔انہوں نے منظور شدہ بجٹ کی تفصیلات فراہم کرنے ، اسسٹنٹ کمشنرز اور سی ایم او کو اسکولوں کے دورے کرنے جبکہ ہیڈ ماسٹرز کو اپنے اپنے اسکولوں میں کرایے جانے والے کام کی مکمل تفصیلات فراہم کرنے ہدایت کی۔اس کے علاوہ تعلقہ ایجوکیشن افسران (TEOs) کو اپنے اپنے تعلقوں کے تمام اسکولوں کے باقاعدگی سے دورے کرکے اساتذہ کی حاضری، تعلیمی سرگرمیوں اور بنیادی سہولیات کا جائزہ لینے اور رپورٹ پیش کرنے کی ہدایت کی گئی۔سی ایم او کو خصوصی طور پر اچانک اسکولوں کے دورے کرنے اور غیر حاضر اساتذہ کے خلاف قانونی کارروائی یقینی بنانے کی ہدایت دی گئی۔ اجلاس میں مزید کہا گیا کہ بہتر کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے اسکولوں کو رول ماڈل بنایا جائے تاکہ دیگر اسکول بھی ان کی تقلید کرتے ہوئے تعلیمی معیار اور انتظامی کارکردگی کو بہتر بناسکیں۔

بقیہ 5

کوششوں کی حمایت بھی کی گئی ہے۔دوسری جانب جی سیون نے روس اور یوکرین کے درمیان جامع اور باہمی جنگ بندی کی اپیل کرتے ہوئے توانائی کی تنصیبات اور بحیرہ اسود میں حملے روکنے پر زور دیا ہے۔اعلامیے میں یوکرین کی خودمختاری اور علاقائی سالمیت کی حمایت کا اعادہ کیا گیا اور کہا گیا کہ یورپ کی سلامتی کے مستقبل سے متعلق فیصلوں میں یورپی ممالک کی شمولیت ضروری ہے۔

بقیہ 6

پروگراموں کے تحت 320 بالغ مریضوں کی اوپن ہارٹ سرجری اور 236 بچوں کے کارڈیک پروسیجرز مفت انجام دیے جاچکے ہیں۔ترجمان نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ آر آئی سی میں ہر مریض کو بلا امتیاز یکساں معیار کی طبی سہولیات فراہم کی جاتی ہیں۔مزید برآں، میڈیا سے اپیل کی گئی ہے کہ مریضوں کی ذاتی معلومات، بشمول نام، شناختی کارڈ اور فون نمبر، نشر کرنے سے گریز کیا جائے اور خبر کی اشاعت یا نشریات سے قبل ادارے کا مؤقف ضرور حاصل کیا جائے۔

بقیہ 7

افراد اور پالیسی ساز علاقائی و بین الاقوامی سلامتی کے اہم امور پر تبادلہ خیال کرتے ہیں۔ اس تقریب میں اساتذہ، دانشوروں اور متعلقہ شعبوں کے ماہرین نے شرکت کی۔ کیس لاہور کے سینئر ریسرچ ایسوسی ایٹ ڈاکٹر حسام احمد صدیقی نے افتتاحی خطاب کیا۔امریکن انسٹی ٹیوٹ آف پاکستان اسٹڈیز کی کنٹری ڈائریکٹر پروفیسر ڈاکٹر عالیہ سہیل خان نے پاکستان اور بنگلہ دیش کے دوطرفہ تعلقات کی تعمیر نو میں تعلیمی تعاون کی اہمیت اجاگر کی۔انہوں نے ان ممالک کے تجربات سے سبق لینے پر زور دیا جنہوں نے تنازعات کے ادوار کے بعد مفاہمت کا راستہ اختیار کیا۔ان کا کہنا تھا کہ تعلیمی تبادلے، طلبہ اور اساتذہ کی نقل و حرکت، مشترکہ تحقیق اور اداروں کی شراکت داریاں دوطرفہ روابط کے پائیدار ذرائع بن سکتے ہیں۔انہوں نے خاص طور پر اس بات پر زور دیا کہ مفاہمتی یادداشتوں پر رسمی دستخطوں سے آگے بڑھ کر ایسے عملی اور باہمی طور پر فائدہ مند تعلیمی اشتراک کی طرف جانا ہوگا جو حقیقی معنوں میں نتیجہ خیز ثابت ہو۔ انہوں نے تعلیم اور صنعت کے درمیان روابط کو مضبوط بنانے کی ضرورت پر بھی زور دیا، تاکہ تعلیمی تعاون عملی معاشی مواقع میں ڈھل سکے، مہارتوں کی ترقی کو فروغ ملے اور اداروں اور عوام کے درمیان تعلقات مزید مستحکم ہوں۔ٹیکنیکل ایجوکیشن اینڈ ووکیشنل ٹریننگ اتھارٹی (ٹیوٹا) کے ڈسٹرکٹ بورڈ آف مینجمنٹ کے صدر رجب عامر اقبال نے بنگلہ دیش میں بدلتے ہوئے سیاسی منظرنامے سے پیدا ہونے والے سفارتی اور معاشی مواقع کی نشاندہی کی۔ انہوں نے دوطرفہ تجارت میں اضافے ، براہِ راست کارگو رابطوں کی بہتری، مشترکہ کاروباری منصوبوں کی حوصلہ افزائی اور بنگلہ دیش، چین اور پاکستان کے سہ فریقی میکانزم کے ذریعے تعاون کے امکانات کا جائزہ لینے کی بات کی۔انہوں نے غیر محصولاتی رکاوٹوں، ضابطہ جاتی پابندیوں، کسٹمز میں تاخیر اور لاجسٹک مشکلات کو دوطرفہ تجارت کے فروغ میں بڑی رکاوٹ قرار دیا۔تجارتی افادیت اور نجی شعبے کی شمولیت کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے انہوں نے ذرائع ابلاغ کے درمیان تعاون بڑھانے کی ضرورت پر زور دیا۔ انہوں نے ویزا کے نظام کو بہتر بنا کر مؤثر سفارتی سہولت کاری کی بھی اپیل کی، تاکہ دوطرفہ تعلقات کو آگے بڑھانے کے لیے سازگار ماحول پیدا ہو سکے۔اختتامی کلمات میں کیس لاہور کے ڈائریکٹر ڈاکٹر شاہد رزاق نے کہا کہ بدلتے ہوئے جغرافیائی وسیاسی حالات نے پاکستان اور بنگلہ دیش کو اپنے دوطرفہ تعلقات کی نئی بنیاد رکھنے کے تازہ مواقع فراہم کیے ہیں۔انہوں نے ادارہ جاتی تعاون، تجارتی سہولت کاری، بحری رابطوں، براہِ راست فضائی سروس اور نجی شعبے کی شمولیت کی اہمیت پر روشنی ڈالی۔ انہوں نے ذمہ دارانہ صحافت، تعلیمی تبادلوں، ثقافتی روابط اور عوامی سطح پر مستقل رابطوں کو بھی ایک تعمیری عوامی بیانیے کی تشکیل کے لیے نہایت اہم قرار دیا۔ ان کے مطابق باہمی اعتماد پر مبنی ایسا تعاون ایک پائیدار دوطرفہ شراکت داری اور زیادہ مستحکم وخوشحال جنوبی ایشیا کی راہ ہموار کرسکتا ہے۔تقریب کا اختتام ایک پُرجوش مکالماتی نشست پر ہوا، جس میں شرکاء نے پاکستان اور بنگلہ دیش کے تعلقات کو مضبوط بنانے کے مواقع اور چیلنجز پر گفتگو کی۔شرکاء نے دوطرفہ تعاون کے فروغ، باہمی فہم میں اضافے اور پائیدار ادارہ جاتی روابط کی تشکیل کے لیے عملی اقدامات پر اپنی آراء کا تبادلہ کیا۔حاضرین نے ایک دلچسپ اور فکر انگیز مباحثے کے انعقاد پر کیس لاہور کی کاوش کو سراہا۔

بقیہ 8

ڈی واسا اور دیگر متعلقہ افسران بھی ان کے ہمراہ تھے ۔دورے کے دوران ڈپٹی کمشنر نے جاری ترقیاتی سکیموں پر کام کی رفتار، معیار اور اب تک ہونے والی پیش رفت کا جائزہ لیا۔ انہوں نے متعلقہ افسران سے مختلف منصوبوں کے حوالے سے بریفنگ حاصل کی اور موقع پر موجود عملے کو کام کی رفتار مزید تیز کرنے کی ہدایات جاری کیں۔ڈپٹی کمشنر نے راجہ بازار کی بیوٹیفکیشن اور شہر کے دیگر اہم تجارتی وعوامی مقامات کی بہتری کے حوالے سے جاری سرگرمیوں کا جائزہ لیتے ہوئے کہا کہ تاریخی اور تجارتی اہمیت کے حامل راجہ بازار کی خوبصورتی، صفائی ستھرائی، پیدل چلنے والوں کے لیے بہتر سہولیات اور شہری ماحول کی بہتری پر خصوصی توجہ دی جائے۔ترقیاتی کاموں کے دوران عوام اور تاجروں کو کم سے کم مشکلات کا سامنا ہونا چاہیے۔انہوں نے میونسپل کارپوریشن اور دیگر متعلقہ اداروں کو ہدایت کی کہ سڑکوں، فٹ پاتھوں، گرین بیلٹس، نکاسی آب اور دیگر شہری سہولیات کی بہتری کے لیے مربوط انداز میں کام کیا جائے ۔ جہاں ترقیاتی کام جاری ہیں وہاں تعمیراتی معیار اور مقررہ مدت کی پابندی کو ہر صورت یقینی بنایا جائے۔ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ شہر کی خوبصورتی اور بنیادی شہری سہولیات کی بہتری انتظامیہ کی ترجیحات میں شامل ہے ۔اس مقصد کے لیے تمام متعلقہ محکمے باہمی رابطے اور ذمہ داری کے ساتھ کام کریں تاکہ جاری منصوبوں کے ثمرات شہریوں تک پہنچ سکیں۔انہوں نے واضح کیا کہ ترقیاتی منصوبوں کی پیش رفت کی مسلسل مانیٹرنگ کی جائے گی اور افسران اپنے اپنے دائرہ کار میں منصوبوں کی بروقت تکمیل اور معیار کو یقینی بنانے کے ذمہ دار ہوں گے ۔ڈپٹی کمشنر نے اس عزم کا اظہار کیا کہ راولپنڈی کو ایک صاف ستھرا، خوبصورت اور شہری سہولیات سے آراستہ شہر بنانے کے لیے ترقیاتی سرگرمیوں کا تسلسل برقرار رکھا جائے گا۔

بقیہ 9

کہا کہ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے محض دو سال کے مختصر عرصے میں پنجاب میں وہ عملی اقدامات اور ترقیاتی کام کیے ہیں جو ملکی تاریخ میں کوئی نہیں کر سکا۔ پنجاب کے عوام مریم نواز کی قیادت اور کارکردگی کو کھلے دل سے تسلیم کر چکے ہیں۔انہوں نے کہا کہ جعلی بیانیے بنانے والے اب قصہ پارینہ بن چکے ہیں، مردہ گھوڑے میں نئی جان ڈالنے کی کوششیں بھی کامیاب نہیں ہوں گی۔ جادو ٹونے سے نہ حکومتیں چلتی ہیں اور نہ ہی جھوٹ اور پروپیگنڈے کے ذریعے حکومتیں گرائی جا سکتی ہیں۔ عظمیٰ بخاری نے کہا کہ کچھ بے روزگار اور سیاسی یتیم نئے سیاسی ٹھکانے تلاش کرنے کے لیے ہاتھ پاؤں مار رہے ہیں۔پورے ملک میں وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کر رہی ہیں، اسی لیے بعض غیر اہم سیاسی عناصر انہیں مسلسل نشانہ بنا کر خود کو اہم بنانے کی کوشش کر رہے ہیں۔وزیر اطلاعات پنجاب نے کہا کہ مخالفین اپنی کوششیں جاری رکھیں، لیکن پنجاب میں آپ کی دال نہیں گلنے والی۔عوام ترقی، کارکردگی اور گڈ گورننس کے ساتھ کھڑے ہیں۔

بقیہ 10

مرزا نے ہسپتال کے مختلف شعبوں کا معائنہ کرتے ہوئے سہولیات کی بہتری اور مریضوں کو بہتر طبی خدمات کی فراہمی کی اہمیت پر زور دیا۔ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت کے مطابق سرکاری ہسپتالوں کی کارکردگی کو بہتر بنانے اور عوام کو معیاری علاج کی فراہمی کے لیے انسپکشن کا یہ عمل جاری رہے گا۔

بقیہ 11

میٹنگ ہوئی۔جس میں بابر ہاشمی۔راجہ سکندر۔نفیس کیانی۔راجہ شعیب اورنگزیب احمد۔ابراہیم جنجوعہ ۔نواز احمد ۔اقبال جنجوعہ ۔فیصل الرحمان۔ فیصل جنجوعہ۔تنویر احمد۔ جمشید مغل۔اور دیگر اہم سیاسی و سماجی رہنما شامل تھے ۔ جبکہ بلدیاتی امیدواروں کے کونسلرز کنونشن سے بھی انہوں نے خطاب کیا۔اپنے دفتر میں پشاور سے میڈم انعم اور کزی۔ عاصمہ ستی اظہر محمود۔ عدیل منور۔قمر محمود۔ اور دیگر سماجی و سیاسی رہنماؤں سے ملاقات بھی کی۔ان تقریبات سے اپنے خطاب میں خاقان وحید خواجہ نے کہا کہ صورتحال جو بھی ہو ہم نے اپنا کام مکمل کرلیا ہے اور 500 سے زائد کا ہدف حاصل کرنا کوئی معمولی بات نہیں۔انہوں نے کہا کہ ہم بلدیاتی الیکشن کی تازہ صورتحال حوالے سے ایک ہنگامی میٹنگ کال کر رہے ہیں۔

بقیہ 12

ڈی پی اوز، ایس ایچ اوز اور آفس اسٹاف کے ساتھ تعارفی میٹنگ منعقد ہوئی، جس میں ضلع کی مجموعی امن وامان کی صورتحال، پولیسنگ اور عوامی مسائل کے حل سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کیا گیا اس موقع پر ایس ایس پی کشمور نے افسران واہلکاروں کو ہدایت کی کہ کرپشن، رشوت ستانی اور اختیارات کے ناجائز استعمال کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی اپنائی جائے گی اور ملوث اہلکاروں کے خلاف سخت محکمانہ کارروائی کی جائے گی انہوں نے مزید ہدایت کی کہ عوام کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کیے جائیں، میرٹ اور قانون کی بالادستی کو یقینی بنایا جائے اور شہریوں کے ساتھ خوش اخلاقی اور احترام سے پیش آیا جائے انہوں نے واضح کیا کہ کسی قسم کا دباؤ قبول نہیں کیا جائے گا اور عوام کے ساتھ ناانصافی یا بدسلوکی ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی ایس ایس پی کشمور نے اس عزم کا اظہار کیا کہ ضلع کشمور پولیس کو ایک مثالی فورس بنانے اور عوام کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے تمام تر اقدامات کیے جائیں گے

بقیہ 13

24/7 تعمیراتی سرگرمیاں روزانہ کی بنیاد پر بھرپور طریقے سے جاری ہیں اور مجموعی طور پر اب تک اس منصوبے کے 36 فیصد ترقیاتی کاموں کو مکمل کر لیا گیا ہے ۔بریفنگ دیتے ہوئے چیئرمین سی ڈی اے کو بتایا گیا کہ اس منصوبے میں مرکزی شاہراہ کی توسیع (ایکسٹینشن) تقریباً 2.7 کلومیٹر لمبائی کے تمام سیکشنز پر تیزی سے کام جاری ہے جبکہ مرکزی شاہراہ سے منسلک سروس روڈ پر بھی کام کیا جارہا ہے ۔بریفنگ دیتے ہوئے بتایا گیا کہ سنگجانی انٹرچینج منصوبے میں شامل انڈر پاس کے سٹرکچرل ورک کو مکمل کرلیا گیا ہے اور انڈرپاس کی کنکریٹ والز اور فوٹنگ سلیبس کا کام بھی مکمل کرلیا گیا ہے جبکہ ارتھ ورک، فلنگ ورک سمیت دیگر باقی ماندہ کاموں کو بھی جلد ہی مکمل کر لیا جائیگا۔بریفنگ دیتے ہوئے بتایا گیا کہ اسی طرح این فائیو انٹرچینج برج پر دونوں اطراف ابٹمنٹس کا پائل ورک مکمل کرلیا گیا ہے جبکہ سٹیل فکسنگ اور فریم ورک کا کام تیزی کیساتھ جاری ہے ۔اسی طرح اس منصوبے میں شامل چار کلورٹس کا کام مکمل کرلیا گیا جبکہ ایک کلورٹس پر کام جاری ہے ۔انہیں مزید بتایا گیا کہ منصوبے میں شامل تمام لوپس اور ریمپس پر بھی دن رات تیزی سے کام جارہا ہے۔چیئرمین سی ڈی اے سہیل اشرف نے منصوبے کو مقررہ مدت میں مکمل کرنے کیلئے تمام حائل رکاوٹوں کو دور کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ منصوبے کے تعمیراتی کاموں میں معیار کیساتھ رفتار اور شفافیت کا خاص خیال رکھا جائے ۔چیئرمین سی ڈی اے سہیل اشرف نے کہا کہ منصوبے کی تکمیل سے اندرون و بیرون شہر سفر کرنے بالخصوص خیبر پختونخوا سے آنے والے شہریوں کو اسلام آباد تک آسانی سے رسائی حاصل ہوگی اسی طرح دیگر شہروں سے آنے والوں کیلئے بھی یہ منصوبہ ایک گیٹ وے ثابت ہوگا ۔انہوں نے مزید کہا کہ اس منصوبے سے اسلام آباد انٹرنیشنل ایئرپورٹ تک رسائی بھی بہتر ہوگی۔

بقیہ 14

مورخین کی غلط تاریخ نویسی کو چیلنج بھی کیا گیا ہے۔ احمد مغیث نے شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ تحقیق و جستجو نہ صرف انسانی علم وشعور میں اضافے اور فکری وسعت پیدا کرنے کا مؤثر ذریعہ ہیں بلکہ آنے والی نسلوں کے لیے ریسرچ کے مزید دروازے کھولتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کسی علاقے کی تاریخ نئے سرے سے لکھنا اور غلط لکھی گئی تاریخ کو درست کرنا درحقیقت صدیوں سے رائج غیر مستند بیانیوں کو درست کرنا ہے۔انہوں نے کہا کہ یہ کتاب صرف سرگودھا کے عوام کے لیے ہی نہیں بلکہ صوبائی وملکی سطح کے علمی وتحقیقی حلقوں کے لیے بھی مفید ثابت ہوگی۔

بقیہ 15

پیش آیا، جہاں ملزمان نے فائرنگ کر کے اپنے ہی چچا اور چچازاد بھائی کو نشانہ بنایا۔فائرنگ کی زد میں آ کر ایک شخص سینے پر گولیاں لگنے سے شدید زخمی ہوا جبکہ اس کا کزن بھی گولی لگنے سے مضروب ہوگیا۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی ریسکیو کی امدادی ٹیم موقع پر پہنچ گئی اور دونوں زخمیوں کو فوری طور پر تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال گوجر خان منتقل کیا۔ہسپتال ذرائع کے مطابق ابتدائی طبی امداد کے بعد ایک زخمی کی حالت خطرے سے باہر بتائی جاتی ہے ، تاہم سینے میں گولیاں لگنے والے دوسرے زخمی کو تشویشناک حالت کے پیش نظر ہولی فیملی ہسپتال راولپنڈی ریفر کر دیا گیا ہے۔ فائرنگ کے بعد علاقے میں خوف و ہراس پھیل گیا۔ چوکی سکھو موڑ پولیس نے جائے وقوعہ پر پہنچ کر شواہد اکٹھے کر لیے ہیں اور ملزمان کی گرفتاری کے لیے کارروائی شروع کردی ہے، جبکہ واقعے کے محرکات جاننے کے لیے مزید تفتیش جاری ہے۔

بقیہ 16

صحت کی سہولیات اور صحتِ عامہ کے جاری اقدامات کے معیار کا جائزہ لیا۔اس موقع پر حاملہ خواتین کی رجسٹریشن، زچگی سے قبل طبی معائنے ، بچوں کی غذائیت ونشوونما، نوعمر لڑکیوں اور بزرگ شہریوں کی صحت سمیت خاندانی منصوبہ بندی سے متعلق آگاہی مہم کی کڑی نگرانی کی گئی۔ ڈاکٹر شیخ عامر محمود نے فیلڈ ٹیموں کو ہدایت کی کہ تمام طبی اعداد و شمار کا بروقت اور درست اندراج یقینی بنایا جائے اور مقررہ اہداف کی تکمیل کے لیے ہر گھرانے تک معیاری طبی سہولیات کی رسائی کو مزید مؤثر بنایا جائے تاکہ ایک صحت مند معاشرے کی تشکیل ممکن ہو سکے۔

بقیہ 17

واردات کے فوری بعد متعلقہ پولیس کو اطلاع دی گئی تھی، لیکن دو روز گزر جانے کے باوجود قانونی کارروائی عمل میں نہیں لائی جاسکی، جس کے باعث متاثرہ دکاندار شدید ذہنی اذیت کا شکار ہے ۔تاجر حلقوں کا کہنا ہے کہ مصروف شاہراہ پر چوری کی واردات اور پھر مقدمے کے اندراج میں تاخیر پولیس کی کارکردگی پر سوالیہ نشان ہے ۔ دوسری جانب شہریوں کی جانب سے انجمن تاجران گوجر خان کی خاموشی پر بھی گہری تشویش کا اظہار کیا جارہا ہے کہ 48 گھنٹے گزرنے کے باوجود تاجروں کی نمائندہ تنظیم کا کوئی عہدیدار متاثرہ تاجر کی دادرسی یا اظہارِ یکجہتی کے لیے سامنے نہیں آیا۔شہری حلقوں کا کہنا ہے کہ اگر تاجر نمائندوں کی سرگرمیاں محض اجلاسوں اور تقریبات تک محدود رہیں گی تو پھر دکانداروں کے بنیادی حقوق اور تحفظ کے لیے آواز کون اٹھائے گا۔

بقیہ 18

اطمینان کا اظہار کیا جارہا ہے ضلع کشمور ایٹ کندھ کوٹ کی عدلیہ کی اس کامیابی سے عوام کا عدالتی نظام پر اعتماد مزید مستحکم ہوا ہے جبکہ ضلعی عدلیہ نے دیگر اضلاع کے لیے بھی ایک قابلِ تقلید مثال قائم کی ہے

بقیہ 19

چوری مہم کی تفصیلات بتاتے ہوئے کہا کہ ہماری ڈیٹیکشن ٹیموں نے مختلف ٹیرف کے 67 ہزار 173 میٹرز چیک کئے 142 افراد بجلی کا ڈائریکٹ استعمال کرتے ہوئے پکڑے گئے جب کے 12 میٹرز ٹمپرڈ اور 7 میٹرز میں سوراخ کر کے بجلی چوری کی جارہی تھی مجموعی طور پر 161 بجلی چوروں کو 1 کروڑ 94 لاکھ سے زائد کے جرمانے عائد کئے گئے متعلقہ پولیس اسٹیشنز میں متعلقہ افراد کے خلاف قانونی کاروائی کے لئے درخواستیں بھی دی گئی متعدد میٹرز اور ٹرانسفارمرز منقطع کر دیے گئے ہیں۔انجینئر چوہدری خالد محمود نے دوٹوک الفاظ میں کہا کے بجلی چوری کے خلاف جنگ صرف حکومت اور اداروں کی ذمہ داری نہیں بلکہ ہمارے معزز صارفین اس قومی مہم میں آئیسکو کا ساتھ دیں اور بجلی چوری کی اطلاع متعلقہ ایس ڈی او یا ہیلپ لائن نمبر 118 پر دیں تاکہ اس ملک دشمن ناسور کا خاتمہ ممکن ہو۔

بقیہ 20

ہیڈکوارٹر ہسپتال منکیرہ منتقل کردیا۔

بقیہ 21

ڈیوائس منیجمنٹ ڈیش بورڈ کا جائزہ لیا، جبکہ ڈائریکٹر پی اینڈ ای مدثر جاوید نے منصوبے کے تکنیکی پہلوؤں پر بریفنگ دی۔سمارٹ میٹرنگ کے تحت صارفین کو پانی کے حقیقی استعمال کے مطابق بل جاری کیے جا رہے ہیں، صارفین پنجاب واسا ایپ کے ذریعے روزانہ پانی کے استعمال، میٹر ریڈنگ، بلوں اور کھپت کی تفصیلات تک آسان رسائی حاصل کر سکتے ہیں۔ واسا حکام کے مطابق ڈیوائس منیجمنٹ ڈیش بورڈ کے ذریعے تمام سمارٹ میٹرز کی مؤثر نگرانی کی جا رہی ہے، جبکہ جدید میٹرنگ سسٹم پانی کی طلب اور رسد کے بہتر تعین میں بھی معاون ثابت ہو رہا ہے۔ واسا لاہور کے مطابق منصوبے کو مزید وسعت دیتے ہوئے آئندہ تین ماہ کے دوران مزید 10 ہزار اسمارٹ واٹر میٹرز نصب کیے جائیں گے۔

بقیہ 22

سے صفائی کے حوالے سے فیڈ بیک بھی لیا۔شہریوں نے صفائی انتظامات پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے بعض تجاویز بھی پیش کیں۔ایم ڈی میاں مراد حسین نیکوکارہ نے ایف ایم اوز، سپروائزرز اور ورکرز کو ہدایت کی کہ شہری علاقوں کی طرح دیہی آبادی میں بھی صفائی کے انتظامات میں کسی قسم کی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے واضح کیا کہ تمام ورکرز اپنی ذمہ داریاں پوری کریں اور ہر صورت بہترین صفائی ستھرائی یقینی بنائیں۔

بقیہ 23

پر این سی سی آئی اے ایبٹ آباد کی ٹیم نے فوری طور پر تکنیکی تجزیہ اور تفتیش کا آغاز کیا، جس کے نتیجے میں فراڈ میں ملوث ملزمان کا سراغ لگایا گیا اور برآمد شدہ رقم کی واپسی ممکن ہوئی، کیس کی تفتیش ایس ایچ او محمد شاکر نے کی، سرکل انچارج وہاب احمد نے سی سی آر سی ایبٹ آباد میں برآمد شدہ رقم کا چیک متاثرہ شہری کے حوالے کیا، اس موقع پر متاثرہ شہری نے رقم کی برآمدگی پر این سی سی آئی اے کی کاوشوں کو سراہا، اس موقع پر ڈی جی این سی سی آئی اے سید علی ناصر رضوی کا یہ کہنا تھا کہ سائبر فراڈ میں ملوث عناصر کے خلاف سخت قانونی کارروائی جاری رہے گی اور شہریوں کی رقوم کے تحفظ کو یقینی بنایا جائے گا، انہوں نے مزید کہا کہ شہری سوشل میڈیا پر نامعلوم افراد کی جانب سے رقم کی ترسیل یا انعامات کے جھانسے میں نہ آئیں اور کسی بھی مشکوک سرگرمی کی فوری اطلاع این سی سی آئی اے کو دیں۔

بقیہ 24

کے ساتھ چالان کر کے عدالت میں پیش کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ خواتین سے زیادتی اور ہراسگی ناقابل برداشت ہیں۔

بقیہ 25

کے موقع پر الیکٹرانک میڈیا کے ذریعے اس دن کی مناسبت سے خصوصی پروگرام نشر کیے جائیں گے جبکہ اخبارات بچوں کے حقوق کے حوالے سے خصوصی مضامین شائع کریں گے اس دن فیصل آباد سمیت ملک بھر کے تمام چھوٹے بڑے شہروں کے تعلیمی اداروں میں بچوں کی اسمبلی کے دوران خصوصی پروگرام ترتیب دیے جائیں گے۔ بچوں کا عالمی دن پاکستان سمیت دنیا بھر میں ہر سال 20 نومبر کو منایا جاتا ہے اقوام متحدہ نے 1954ء کو تجویز پیش کی تھی کہ دنیا بھر کے ممالک 20 نومبر کو بچوں کی فلاح و بہبود کے طور پر منائیں اس تجویز پر جنرل اسمبلی نے 20 نومبر 1959ء کو بچوں کے حقوق کا ڈیکلریشن جاری کیا جس کے بعد پاکستان سمیت دنیا بھر میں ہر سال 20 نومبر کو بچوں کے حقوق کا عالمی دن منایا جاتا ہے۔

بقیہ 26

کے خلاف بھی ایک مختصر فوجی کارروائی پر غور کر سکتے ہیں کیونکہ وہ اپنی صدارت چھوڑنے سے پہلے کیوبا کا معاملہ حل کرنا چاہتے ہیں۔ دوسری جانب امریکی صدر نے نائب صدر جے ڈی وینس کو ہدایت کی ہے کہ وہ اپنی تمام تر توجہ مخالف جماعت کے زیر انتظام شہروں اور ریاستوں میں مبینہ جرائم اور بدعنوانی کے معاملات پر مرکوز کریں۔

بقیہ 27

نے بتایا کہ راولپنڈی پولیس کے تقریباً 6 ہزار افسران و اہلکار سکیورٹی اور ٹریفک کے فرائض سرانجام دے رہے ہیں جبکہ شہریوں کی سہولت کے لیے مؤثر ٹریفک انتظامات کیے گئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ٹیسٹ میچ کے دوران فول پروف سکیورٹی اور ٹریفک انتظامات یقینی بنائے جا رہے ہیں۔

بقیہ 28

کے سب انسپکٹر چوہدری عمران اللہ نے درخواست گزار خاتون کو نوٹس جاری کیا، سب انسپکٹر نے خاتون کو میسج بھیجا کہ رات کلب میں ملاقات کرو تاہم خاتون کے انکار کے بعد نوٹس بھیجا گیا۔ دوران سماعت این سی سی آئی اے کی جانب سے جواب جمع کرا دیا گیا اور حکام نے محکمانہ کارروائی کا آغاز کر کے عدالتی کارروائی سے جان چھڑالی۔ این سی سی آئی اے کے سب انسپکٹر کی جانب سے خاتون کو مبینہ طور ہراساں کرنے کی درخواست نمٹادی گئی۔

بقیہ 29

اور شہریوں کے مسائل کے فوری حل میں کسی قسم کی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ تھانوں میں شہریوں کو بہترین سروس ڈیلیوری کی فراہمی ہر وقت یقینی بنائی جائے گی۔ وزیر اعلیٰ پنجاب کے ویژن کے مطابق شہریوں کی جان و مال کا تحفظ اور انہیں سہولیات کی فراہمی اولین ترجیح ہے، جس کے لیے تمام اقدامات کیے جارہے ہیں۔

بقیہ 30

ذریعے مبینہ طور پر ورغلا کر قابلِ اعتراض مواد حاصل کرنے ، بلیک میل کرنے اور اسے سوشل میڈیا پر وائرل کرنے کی دھمکیاں دینے کے الزام میں ملزم کو گرفتار کر لیا، رپورٹ موصول ہونے پر این سی سی آئی اے لاہور کی ٹیم نے فوری طور پر تکنیکی تجزیہ اور تفتیش کا آغاز کیا، جس کے نتیجے میں ملزم کی شناخت اور لوکیشن کا تعین کیا گیا اور کامیاب کارروائی عمل میں لائی گئی، کارروائی کے دوران ملزم کے زیر استعمال موبائل فون اور دیگر ڈیجیٹل آلات بھی قبضے میں لے لیے گئے جن کا تکنیکی تجزیہ کیا جارہا ہے، ملزم کے خلاف مقدمہ درج کر کے مزید تفتیش جاری ہے تاکہ اس گھناؤنے جرم میں ملوث دیگر پہلوؤں کو بھی بے نقاب کیا جاسکے، این سی سی آئی اے کی جانب سے متاثرہ بچی کے تحفظ اور معاونت کے اقدامات بھی شروع کر دیے گئے ہیں اور بچی و اہل خانہ کو مکمل قانونی و اخلاقی معاونت فراہم کی جارہی ہے، اس موقع پر ڈی جی این سی سی آئی اے سید علی ناصر رضوی کا یہ کہنا تھا کہ بچوں کے تحفظ کے معاملے میں کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا اور ایسے مجرموں کے خلاف سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی، انہوں نے مزید کہا کہ والدین اپنے بچوں کی آن لائن سرگرمیوں پر نظر رکھیں اور کسی بھی مشکوک سرگرمی کی فوری اطلاع این سی سی آئی اے کو دیں

بقیہ 31

دیگر سائبر جرائم سے متعلق اپنی شکایات پیش کیں، ڈی جی این سی سی آئی اے نے ہر شکایت کو بغور سنا اور موقع پر ہی متعلقہ افسران کو فوری کارروائی کی ہدایات جاری کیں، اس موقع پر ڈی جی این سی سی آئی اے سید علی ناصر رضوی نے کہا کہ کھلی کچہری کا مقصد عوام کو ان کے دروازے پر انصاف فراہم کرنا اور ادارے اور عوام کے درمیان فاصلے ختم کرنا ہے، انہوں نے کہا کہ ہر شکایت کو سنجیدگی سے لیتے ہوئے میرٹ پر کارروائی اور مقررہ وقت میں پیش رفت یقینی بنائی جائے، انہوں نے کہا کہ کھلی کچہری عوام کا اعتماد بحال کرنے اور ان کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کا مؤثر ذریعہ ہے، انہوں نے افسران کو ہدایت کی کہ شکایت کنندگان کے ساتھ خوش اخلاقی سے پیش آیا جائے، انہیں ان کے کیس کی پیش رفت سے مسلسل آگاہ رکھا جائے اور کسی بھی شکایت کو التوا کا شکار نہ ہونے دیا جائے، انہوں نے مزید کہا کہ کھلی کچہری کا سلسلہ باقاعدگی سے جاری رہے گا تاکہ شہری بلاخوف و خطر اپنے مسائل براہ راست ڈی جی این سی سی آئی اے کے سامنے پیش کرسکیں۔

بقیہ 32

ادارے کے انتظامی امور، دفتری معاملات اور مختلف شعبہ جات کی کارکردگی پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا، میٹنگ کے دوران ہر شعبے کی موجودہ کارکردگی، درپیش چیلنجز اور ان کے حل کے حوالے سے افسران نے ڈی جی این سی سی آئی اے کو بریفنگ دی، ڈی جی این سی سی آئی اے نے افسران اور عملے کو پیشہ ورانہ ذمہ داریاں مؤثر انداز میں ادا کرنے ، باہمی رابطہ کاری بہتر بنانے اور سرکاری امور کی بروقت تکمیل یقینی بنانے کی ہدایت جاری کیں، انہوں نے کہا کہ دفتری نظم و ضبط، شفافیت اور ٹیم ورک ادارے کی کامیابی کی بنیاد ہے اور ہر افسر اپنی ذمہ داری پوری دیانتداری سے ادا کرے، انہوں نے افسران کو ہدایت کی کہ عوامی شکایات کے ازالے اور ادارے کی مجموعی کارکردگی کو مزید بہتر بنانے کے لیے عملی اقدامات کیے جائیں اور تمام امور کو مقررہ وقت میں مکمل کیا جائے، انہوں نے مزید کہا کہ ہیڈ کوارٹرز کے تمام شعبہ جات کے درمیان بہتر رابطہ کاری وقت کی اہم ضرورت ہے تاکہ ہر کام بروقت اور مؤثر طریقے سے انجام پا سکے، انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ این سی سی آئی اے کو ایک منظم، فعال اور عوام دوست ادارہ بنانے کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جائیں گے۔

بقیہ 33

نہیں۔ایس ایس پی آپریشنز کے مطابق اسلام آباد پولیس کی کرپشن کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی ہے، وردی کی آڑ میں بدعنوانی ناقابلِ برداشت ہے۔قاضی علی رضا نے کہا کہ محکمہ کی بدنامی کا باعث بننے والے اہلکاروں کے لئے اسلام آباد پولیس میں کوئی جگہ نہیں، اسلام آباد پولیس میں احتساب کا عمل بلا امتیاز جاری رہے گا۔

بقیہ 34

اور فرسودہ ہتھکنڈا ہے۔سکیورٹی ذرائع کے مطابق بھارت اندرونی انتشار اور سیاسی تفریق سے توجہ ہٹانے کے لیے وہی پرانے میڈیا ہاسز اور چہرے استعمال کر رہا ہے، پاکستان پر جھوٹے الزامات عائد کرنے کے لیے اسی پرانے اسکرپٹ اور روایتی ہتھکنڈوں کا سہارا لیا جا رہا ہے۔گزشتہ روز کلگام مقبوضہ کشمیر میں فائرنگ کے واقعے میں 3 بھارتی اہلکار زخمی ہوئے تھے۔

بقیہ 35

ایس پی مرید کے حاجی غلام مرتضیٰ ڈوگر کی سربراہی میں ایس ایچ او تھانہ صدر مرید کے حاجی افضل ڈھلوں اور ایس ایچ او تھانہ سٹی مرید کے غضنفر بھٹی نے سی سی ڈی، آئی بی، اسپیشل برانچ اور دیگر اداروں کے اہلکاروں کے ہمراہ جی ٹی روڈ، بڈھکے، ننگل ساہداں، ریاں پورہ، نالہ ڈیک پل، لاہور سیالکوٹ موٹروے انٹرچینج، قرشی اسٹاپ اور نارووال شیخوپورہ روڈ چوک کے علاقوں میں سرچ آپریشن کیا۔ اس دوران پبلک ٹرانسپورٹ اور گھروں کی تلاشی لی گئی جبکہ 100 سے زائد افراد کی بائیومیٹرک تصدیق بھی کی گئی۔ڈی پی او بلال ظفر شیخ نے کہا کہ عوام کی جان و مال کے تحفظ کے لیے ایسے آپریشن جاری ہیں۔جلد مرید کے بھارت سے ملحقہ سرحدی دیہات میں بھی کومبنگ آپریشن شروع کیا جائے گا۔ جرائم پیشہ عناصر، اشتہاری ملزمان اور منشیات فروشوں کو قانون کے شکنجے سے بچنے نہیں دیا جائے گا۔

بقیہ 36

پاکستان ٹریڈ، انویسٹمنٹ اینڈ انوویشن سمٹ 2026 سے خطاب کرتے ہوئے ٹیپو عثمان نے کہا کہ پاکستانی ٹیکسٹائل صنعت برطانوی اداروں کے اشتراک سے جدید دھاگے، ریشے اور نئی مصنوعات تیار کرسکتی ہے۔ دونوں ممالک کی کمپنیوں کو مشترکہ پیداواری منصوبے شروع کرنے چاہئیں۔ہائی کمشنر نے کہا کہ ویسٹ یارکشائر میں تقریباً ڈھائی لاکھ پاکستانی نژاد افراد آباد ہیں، جو مختلف شعبوں میں نمایاں کردار ادا کررہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ پاکستان اور برطانیہ کے درمیان سالانہ تجارت کا حجم 6 ارب پاؤنڈ تک پہنچ چکا ہے، جبکہ ٹیکسٹائل، ماحول دوست پیداوار اور حلال خوراک کے شعبوں میں دوطرفہ تعاون مزید بڑھانے کے امکانات موجود ہیں۔

بقیہ 37

کا ڈیٹا فوری طور پر ایف بی آر کو منتقل ہوگا، نئے یا تبدیل شدہ پیکج کی رجسٹریشن پیکنگ سے 7 دن پہلے کرانا ہوگی۔ چائے کی پیکنگ کرنے والی کمپنیوں کو 10 دسمبر تک مانیٹرنگ سسٹم لگانا ہوگا، دستی طریقے سے پیکنگ کرنے والی کمپنیوں کو بھی اسکیننگ کا انتظام کرنا ہوگا، بار کوڈ ہٹانے، چھپانے یا تبدیل کرنے پر پابندی عائد کر دی گئی۔ نئے احکامات پیکیجڈ چائے بنانے، بلینڈ اور پیک کرنے والی تمام رجسٹرڈ کمپنیوں پر لاگو ہوں گے، ایف بی آر کے منظور شدہ وینڈر سے بار کوڈ اور پیکنگ کی رجسٹریشن کرانا ہوگی، چائے کی ہر پیکنگ لائن پر الیکٹرانک مانیٹرنگ سسٹم نصب کرنا لازمی قرار دے دیا گیا۔ سسٹم چائے کے ہر پیک پر بار کوڈ اسکین اور پیکٹوں کی تعداد ریکارڈ کرے گا، غیر رجسٹرڈ بار کوڈ والے چائے کے پیکٹ تیار کرنے کی اجازت نہیں ہوگی۔ الیکٹرانک نگرانی کے بغیر پیکیجڈ چائے فیکٹری سے باہر نہیں نکالی جاسکے گی۔

بقیہ 38

ایجنسی لاہور، وہ ڈائریکٹر جنرل پارکس اینڈ ہارٹیکلچر اتھارٹی کا اضافی ذمہ داریاں بھی نبھائیں گے جبکہ سپیشل سیکرٹری محکمہ آبپاشی محمد خضر افضال کو ڈائریکٹر جنرل پرونشل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی تعینات کردیا گیا

بقیہ 39

سیکرٹری فریدون اکرم شیخ بھی موجود تھے۔ملاقات کے دوران ہارون اختر خان نے بتایا کہ حکومت پاکستان میں مقامی مینوفیکچرنگ کے فروغ، سرمایہ کاری کے حصول اور الیکٹرانکس کی صنعت کو مضبوط بنانے کے لئے جامع موبائل اینڈ الیکٹرانکس ڈیوائسز مینوفیکچرنگ پالیسی (2033-2026) پر کام کر رہی ہے۔انہوں نے کہا کہ نئی پالیسی سے مقامی مینوفیکچرنگ اور برآمدات کو فروغ ملے گا، حکومت کی ترجیح روایتی اسمبلنگ کے عمل سے آگے بڑھتے ہوئے موبائل فونز اور الیکٹرانک ڈیوائسز کی مکمل مقامی تیاری کو فروغ دینا ہے۔مشیر وزیر اعظم نے کہا کہ وزیر اعظم محمد شہباز شریف کی ہدایات کے مطابق حکومت مقامی صنعتکاروں کو زیادہ سے زیادہ سہولیات فراہم کرنے اور سرمایہ کاری و صنعتی ترقی کے لئے سازگار ماحول پیدا کرنے کے لئے پرعزم ہے۔انہوں نے کہا کہ حکومت ٹیکنالوجی کی منتقلی، لوکلائزیشن اور مینوفیکچرنگ کی صلاحیت میں اضافے کے ذریعے پاکستان کی موبائل اور الیکٹرانکس کی صنعت کو مضبوط بنانے اور اسے عالمی ویلیو چین کا حصہ بنانے کے لئے ٹھوس اقدامات کر رہی ہے۔ہارون اختر خان نے وفد کو آگاہ کیا کہ مجوزہ موبائل اینڈ الیکٹرانکس ڈیوائسز مینوفیکچرنگ پالیسی (2033-2026) کے حوالے سے انجینئرنگ ڈویلپمنٹ بورڈ (ای ڈی بی) کو متعلقہ سٹیک ہولڈرز کے ساتھ مشاورت کی ہدایت کی گئی ہے تاکہ پالیسی کو صنعت کی ضروریات سے ہم آہنگ کرتے ہوئے اس شعبے کی پائیدار ترقی کو یقینی بنایا جا سکے۔انہوں نے زور دیا کہ پاکستان کا مقصد صرف موبائل فونز کی مقامی تیاری تک محدود رہنا نہیں بلکہ پرزہ جات، اجزا اور دیگر متعلقہ الیکٹرانک ڈیوائسز کی تیاری کے لئے ایک وسیع صنعتی نظام بھی تشکیل دینا ہے۔چینی کمپنیوں کو پاکستان میں سرمایہ کاری کی دعوت دیتے ہوئے مشیر وزیر اعظم نے کہا کہ ملک میں مقامی مینوفیکچرنگ اور ٹیکنالوجی سے متعلق صنعتوں میں سرمایہ کاری کے وسیع امکانات موجود ہیں۔انہوں نے وفد کو یقین دلایا کہ حکومت غیر ملکی سرمایہ کاروں کو سہولت فراہم کرنے اور پاکستان میں ان کے منصوبوں کی معاونت کے لئے پرعزم ہے۔انہوں نے کہا کہ پاکستان میں سرمایہ کاری کا یہ موزوں وقت ہے۔

بقیہ 40

جاری کر دیا۔عدالت نے بلدیاتی انتخابات کا شیڈول معطل کرتے ہوئے 26 نومبر تک الیکشن کمیشن و دیگر فریقین کو نوٹس جاری کرتے ہوئے جواب طلب کرلیا۔اسلام آباد میں بلدیاتی انتخابات رکوانے کی درخواست پر سماعت کا تحریری حکمنامہ بھی جاری کر دیا گیا جس کے مطابق انتخابی شیڈول معطل کرنے کی درخواست منظور کر لی گئی۔تحریری حکمنامے کے مطابق قانون کے تحت ہر یونین کونسل 9 وارڈز میں تقسیم تھی، وکیل کے مطابق الیکشن کمیشن نے 12 دسمبر 2024 کو حلقہ بندی تبدیل کی، جس کے بعد 26 دسمبر 2025 کا انتخابی شیڈول جاری کیا جسے بعد میں واپس لے لیا گیا۔حکم نامے میں لکھا کہ وکیل کے مطابق اسلام آباد کیپٹل ٹیریٹری لوکل گورنمنٹ آرڈیننس 2026 کے نفاذ سے تین ٹاؤن کارپوریشنز بنائی گئیں، یونین کونسلوں کی تعداد 125 سے بڑھا کر 130 کر دی، آرڈیننس 2026 کے تحت نو وارڈز کے بجائے مردم شماری بلاکس کی بنیاد پر حلقہ بندی کا طریقہ کار اپنایا گیا۔تحریری حکم نامے کے مطابق وکیل نے بتایا کہ الیکشن کمیشن نے 14 اکتوبر 2026 کو 130 یونین کونسلوں کی حتمی فہرست جاری کی، 120 دن کی ایک توسیع کے بعد لوکل گورنمنٹ آرڈیننس 2026 آئین کے آرٹیکل 89 کے تحت غیر مؤثر ہونے پر ایکٹ 2015 بحال ہوگیا، الیکشن کمیشن نے 21 اکتوبر 2026 کو بحال شدہ قانون پر انتخابات کرانے کا فیصلہ کر کے اسی روز انتخابی شیڈول جاری کیا۔

بقیہ 41

اضافے کیلئے سروس سیکٹرز میں ترجیحی بنیادوں پر کیے جانے والے اقدامات پر بریفنگ دی گئی۔اجلاس میں ہوٹلز اور ریسٹورنٹس کے شعبے میں صارفین کو کیو آر کوڈ کے ذریعے ڈیجیٹل ادائیگیوں کی طرف راغب کرنے کیلئے انعامی اسکیم متعارف کروانے کا فیصلہ کیا گیا۔ترجمان پنجاب ریونیو اتھارٹی کے مطابق انعامی اسکیم کے تحت ہوٹلز اور ریسٹورنٹس میں کیو آر کوڈ کے ذریعے ڈیجیٹل ادائیگی کرنے والے صارفین کو انعامات جیتنے کا موقع فراہم کیا جائے گا۔ انعامی اسکیم کا بنیادی مقصد صارفین کو نقد ادائیگی کے بجائے ڈیجیٹل ادائیگیوں کی جانب راغب کرنا اور کاروباری لین دین میں شفافیت کو فروغ دینا ہے۔ ترجمان پی آر اے نے واضح کیا کہ کیو آر کوڈ کے ذریعے ادائیگی قبول کرنے سے انکار کرنے والے کاروباری اداروں کے خلاف سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔اجلاس میں متعلقہ سیکٹرز کو ہدایت کی گئی کہ ڈیجیٹل ادائیگیوں کے حوالے سے صارفین کی شکایات کو ترجیحی بنیادوں پر مانیٹر کیا جائے اور ان کے فوری ازالے کیلئے مؤثر نظام وضع کیا جائے۔ترجمان کے مطابق ڈیجیٹل ادائیگیوں کے فروغ سے کاروباری لین دین میں شفافیت بڑھے گی اور ٹیکس نظام پر عوامی اعتماد میں اضافہ ہوگا۔ ہوٹلز اور ریسٹورنٹس کے شعبے میں ڈیجیٹل ٹرانزیکشنز کے رجحان کو فروغ دینے کیلئے خصوصی آگاہی مہم بھی چلائی جائے گی تاکہ زیادہ سے زیادہ صارفین کیو آر کوڈ کے ذریعے ادائیگیوں کو ترجیح دیں۔ای آئی ایم ایس کے ذریعے کاروباری سرگرمیوں اور ٹیکس ادائیگیوں میں شفافیت یقینی بنانے کیلئے ڈیجیٹل مانیٹرنگ کے نظام کو مزید مؤثر بنایا جائے گا۔پنجاب ریونیو اتھارٹی کا مقصد جدید ڈیجیٹل نظام کے ذریعے ٹیکس کمپلائنس میں اضافہ، صارفین کو سہولیات کی فراہمی اور صوبے میں شفاف کاروباری ماحول کا فروغ ہے۔

بقیہ 42

میں ملوث ملازم علی رضوان کو نجی کمپنی نے ملازمت سے فارغ کر دیا گیا۔تفصیلات کے مطابق یہ واقعہ 7 نومبر کو پیش آیا، جس میں ایک ذہنی طور پر معذور خاتون مسافر کی جانب سے دورانِ سفر دیگر مسافروں کو پریشان کرنے کی شکایات سامنے آئیں۔مسافروں کی جانب سے خاتون کو بس سے نیچے اتارے جانے کے دوران صورتحال پیدا ہوئی، تاہم بس کا کنڈکٹر بھی معاملے کو مناسب انداز میں سنبھالنے میں ناکام رہا۔بعد ازاں پیش آنے والے واقعے میں ملازم کی جانب سے خاتون کے ساتھ بدتمیزی اور تشدد کی شکایت سامنے آئی۔وزیر ٹرانسپورٹ بلال اکبر خان نے واقعے پر سخت افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ کسی بھی مسافر کے ساتھ بدتمیزی، تشدد یا غیر مناسب رویہ کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا۔خواتین کا تحفظ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی اولین ترجیحات میں شامل ہے اور خواتین کے ساتھ کسی بھی قسم کی زیادتی وزیر اعلیٰ پنجاب کی ریڈ لائن ہے۔انہوں نے کہا کہ پبلک ٹرانسپورٹ میں سفر کرنے والے ہر شہری کے تحفظ، عزت اور وقار کو یقینی بنانا متعلقہ عملے کی بنیادی ذمہ داری ہے۔ کسی مسافر کے ساتھ ناروا سلوک کی اجازت نہیں دی جا سکتی، خواہ حالات جیسے بھی ہوں۔صوبائی وزیر نے واضح کیا کہ بس آپریشن سے وابستہ تمام عملے کو اپنی ذمہ داریاں پیشہ ورانہ انداز میں ادا کرنا ہوں گی۔ جو ملازم معاملات کو درست طریقے سے نہیں چلائے گا اور مسافروں کے ساتھ نامناسب رویہ اختیار کرے گا، اس کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی، حتیٰ کہ اسے ملازمت سے بھی فارغ کر دیا جائے گا۔وزیر ٹرانسپورٹ نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ پبلک ٹرانسپورٹ میں خواتین سمیت تمام مسافروں کے تحفظ اور عملے کے ذمہ دارانہ رویے کو یقینی بنایا جائے تاکہ آئندہ ایسے واقعات کی روک تھام ممکن ہو سکے۔

بقیہ 43

کی طرف سے جاری بیان کے مطابق جمعہ کو ملاقات کے دوران، وفاقی وزیر نے سرمایہ کاری کو متحرک کرنے، جدید ٹیکنالوجیز متعارف کرانے اور ملک کے بندرگاہی بنیادی ڈھانچے کو وسعت دینے میں نجی شعبے کی بھرپور شرکت کی اہمیت پر زور دیا۔انہوں نے کہا کہ بندرگاہی سہولیات میں اضافہ پاکستان کی بحری معیشت کو مضبوط بنانے، تجارتی روابط کو بہتر بنانے اور کارگو کی بڑھتی ہوئی مقدار کو سنبھالنے کی صلاحیت بڑھانے کے لیے سٹریٹجک لحاظ سے انتہائی اہم ہے۔وفاقی وزیر نے کہا کہ حکومت ایک ایسا کاروباری ماحول فراہم کرنے کے لیے پرعزم ہے جو سرمایہ کاروں کے لیے سازگار ہو اور اس مقصد کے لیے وہ ان مقامی و غیر ملکی سرمایہ کاروں کی معاونت کرے گی جو بحری شعبے میں مواقع تلاش کرنے میں دلچسپی رکھتے ہیں۔میاں محمد منشا نے نئی بندرگاہ میں سرمایہ کاری کے مواقع تلاش کرنے میں دلچسپی ظاہر کی اور اس پر اتفاق کیا۔

بقیہ 44

اور جدید فن پاروں پر مشتمل مشترکہ نمائش کا افتتاح کر دیا گیا۔ گوادر پرو کے مطابق حکومت پاکستان کے قومی ورثہ وثقافت ڈویژن کے زیر اہتمام محکمہ آثار قدیمہ و عجائب گھر (DoAM) کے تعاون سے منعقدہ اس نمائش میں روایتی چینی سرامک آرٹ اور جدید فن پاروں کو یکجا کیا گیا ہے۔رپورٹ کے مطابق نمائش کی افتتاحی تقریب سے قومی ورثہ وثقافت کی پارلیمانی سیکرٹری فرح ناز اور پاکستان میں چینی سفارت خانے کے قونصلر چینگ پینگ نے خطاب کیا۔

بقیہ 45

بیماریوں سے محفوظ رکھ سکتا ہے۔تحقیق کے مطابق کافی میں ایسے طاقتور اینٹی آکسیڈنٹس اور کیمیائی اجزا پائے جاتے ہیں جو دماغ کے خلیات کو نقصان سے بچاتے ہیں اور یادداشت کمزور ہونے کے خطرے کو کم کرتے ہیں۔ماہرینِ صحت کا کہنا ہے کہ جو لوگ باقاعدگی سے محدود مقدار میں کافی پیتے ہیں ان میں ڈیمنشیا اور بھولنے کی بیماری لاحق ہونے کے امکانات دیگر افراد کے مقابلے میں کافی کم ہوتے ہیں۔

آئیسکو ریجن میں بوجہ ضروری سالانہ سسٹم مینٹیننس 14 نومبر 2026ء عارضی بجلی بندش کا شیڈول۔

اسلام آباد(این ای این) آئیسکو نے معزز صارفین کو ہمیشہ سے بہترین سروسز اور بجلی کی بلاتعطل ترسیل یقینی بنائی ہے۔آئیسکو کے ترجمان کی جانب سے جاری کردہ پریس ریلیز کے مطابق بوجہ ضروری سالانہ سسٹم مینٹیننس /ڈویلپمنٹ ورکس / کنسٹرکشن ورکس کے باعث آئیسکو ریجن کے اسلام آباد، راولپنڈی، اٹک، چکوال، جہلم سرکلز اور جی ایس او سرکلز کے مختلف علاقوں کو بجلی سپلائی کرنے والے فیڈرز پر درج ذیل شیڈول کے مطابق بجلی کی سپلائی عارضی طور پر معطل رہے گی۔ بروز ہفتہ، 14 نومبر 2026ء اسلام آباد سرکل: صبح 00:08 بجے سے دوپہر 00:02 بجے تک: محفوظ شہید/شہزاد ٹاؤن، سکیم-II، فیڈرز۔صبح 00:09 بجے سے دوپہر 00:02 بجے تک: سی ڈی اے فلیٹس، پاک چائنا سینٹر، جی-6/3، سی ڈی اے آفس، واپڈا کالونی، اے ڈی بی پی، ستارہ مارکیٹ، مزروی روڈ، جی-8/4، سدھران روڈ، کورال، سملی ڈیم، ایوب مارکیٹ، جی-9/3، ایچ-8، آئی-10/4، ایچ-11/4، جی-14/4، ڈی-12/1، ریہارا، سی ایم پاک زونگ، گری، آئی ٹی پارک، کمپنی باغ، بریاں، شاہدرہ، کوٹلی ستیاں، سروس روڈ ایسٹ، یوسی روڈ، خانہ ایسٹ، فیڈرز۔راولپنڈی سٹی سرکل: صبح 00:07 بجے سے دوپہر 00:02 بجے تک: کے آر ایل، فیڈر۔صبح 00:08 بجے سے دوپہر 00:12 بجے تک: اے بلاک، فیڈر۔ صبح 00:09 بجے سے دوپہر 00:02 بجے تک: اے او ڈبلیو ایچ ایس، اے بلاک، غوثیہ کالونی، ای بلاک، بی بی ایچ، قائداعظم ہسپتال، شمس کالونی، کوہ لائن، فضائیہ کالونی، ہڈری چوک، فیض آباد، شہید محمد دین، اے ایف او ایچ ایس، النور کالونی، قدیر روڈ، فاروق اعظم، طارق شہید، گنگال، شمس آباد، سبحان الدین، کے ایس ایس، آریہ محلہ، تھسما آباد، میجر مسعود، جامع مسجد، جناح روڈ، بنی، مدینہ کالونی، پیپلز کالونی، پشاور روڈ، ملت آباد، کیپٹن عامر شہید، اظہر آباد، زرکون ہائٹس، ڈھوک سلیمان، لکھوروڈ، بے نظیر بھٹو ایس، سی ڈی ایل کالونی، گولڑہ، جھنگی، سی ڈبلیو او، فیڈرز۔راولپنڈی کینٹ سرکل: صبح 00:09 بجے سے دوپہر 00:02 بجے تک: فوجی فاؤنڈیشن ہسپتال، سوہان گارڈن، سوہان گارڈن-II، جیل پارک، کار چوک، پارک ویو، اے او ڈبلیو ایچ ایس، سابق وکلاء کالونی ڈی، محبوب شہید، آر آئی سی، گریسی لائن، تکبیر-1، کھسالا، نیوجی ایچ کیو، کلیال، شاہ پور، اڈیالہ، حیدر روڈ، جہانگیر روڈ، پی اے ایف، این پی ایف-II، نیازیاں، سکیم-III، پنڈی بورڈ، اسٹیٹ بینک، سی ایم ایچ فلیٹس، گلشن آباد، مورات، شاہ جیون کالونی، چنگی نمبر 22، چکری، فضل احمد شہید، نڑھ، غازی خان، ساغری، خواجہ، گھمٹی، کلیام، کرنب کسوال، نشان حیدر، گگن، سدھن گلی، دھلی-1، کوہالہ، فاطمہ جناح، فیڈرز۔صبح 00:09 بجے سے شام 00:05 بجے تک: نیوجی ایچ کیو، فیڈر۔اٹک سرکل: صبح 00:07 بجے سے دوپہر 00:02 بجے تک: ایچ ای سی او، گڑھی افغاناں، انڈسٹریل اسٹیٹ بھتر، پورمیانہ، لالہ رخ، لالہ زار، خان آباد، کاشف گل، فیڈرز۔صبح 00:09 بجے سے دوپہر 00:02 بجے تک: ہرو، گھوری، وحدت کالونی (ڈی/سی)، کوہسار کالونی، پسوال، ڈی-17، کاشف گل، مکس انڈسٹری، لالہ زار، انڈسٹریل، شفیع چوہان، برہان، ویسا، چھچھ، جی بی سی-III، غور غشتی، نرتوپہ، فوارہ چوک، گولڑہ ڈی/سی، کھرپہ، غریب وال، عظیم شہید، مورات، پری، محفوظ شہید، احمدال، فتح جنگ (ڈبل سرکٹ)، دکھنیر، فیڈرز۔جہلم سرکل: صبح 00:09 بجے سے دوپہر 00:02 بجے تک: کریم پورہ، بلال ٹاؤن، ایف-3 (گل افشاں)، منڈی بھلوال، ایف-6 مشین محلہ، جلگو، چمالہ، نیوڈومیلی، سوہن، گڈاری، نیو سنگھوئی، ممتاز شہید، کروڑی، سوہاوہ کچہری، چھپر شریف، ڈھورہ بدھال، قاضیاں، سٹی ہاؤسنگ، سنگھوئی، صفدر شہید، نھوالہ، فیڈرز۔چکوال سرکل: صبح 00:07 بجے سے دوپہر 00:02 بجے تک: مرید، دھاراپی، القائم مل، پی اے ایف، کے ایس ایم یونٹ-3، فیڈرز۔صبح 00:09 بجے سے دوپہر 00:02 بجے تک: کریالہ، بلکسر، پہلی، اڈہ بازار، جمالوال، منارہ، انوار آباد، ڈیرہ مسلم، ڈھڈیال ایکسپریس، سیگل آباد، سرکل، ڈنڈوت، دھریالہ جالپ، کٹاس، للہ ٹاؤن، کھچری، جلال پور، ڈھرنال، سنگہ، تلہ گنگ سٹی، جھٹلہ، پیرانتخیال، تھوہا محرم خان، دروٹ، ونہار، میال، کلر کہار، پی اے ایف، فیڈرز۔آئیسکو انتظامیہ اپنے معزز صارفین سے بجلی کے اس عارضی تعطل پر معذرت خواہ ہے۔ان شٹ ڈاؤن کا خالصتاً مقصد ضلعی انتظامیہ کی جانب سے جاری ترقیاتی پراجیکٹس کی بروقت تکمیل ہے ۔صارفین کی سہولت کے لیے عارضی بجلی شٹ ڈاؤن شیڈول آئیسکو کی آفیشل ویب سائٹ www.iesco.com.pk/ آئیسکو سوشل میڈیا پلیٹ فارمز فیس بک (IESCO Updates)، ٹویٹر / X اکاؤنٹ (IESCO Official Pk) پر بھی اپلوڈ کیے جاتے ہیں۔مزید معلومات کے لیے صارفین آئیسکو ہیلپ لائن نمبر 118 پر کال کر سکتے ہیں۔

بقیہ 46

بری طرح متاثر ہوئے ہیں اور صرف امریکا میں ای میل سروس آؤٹ لک کے حوالے سے ایک لاکھ اکتیس ہزار سے زائد شکایات سامنے آئی ہیں۔مائیکروسافٹ انتظامیہ نے صورتحال کی تصدیق کرتے ہوئے بتایا کہ مسئلے کے فوری حل کے لیے سرورز کی ترتیبات میں تبدیلی کا تجربہ کیا جارہا ہے تاکہ سرورز کی خودکار جانچ کے دوران پیدا ہونے والی تکنیکی خرابی کو جلد از جلد دور کیا جاسکے۔

بقیہ 47

کہنا ہے کہ بوگیاں ڈی ٹریک ہونے سے مین لائن پر ٹرینوں کی آمد و رفت معطل ہوگئی ہے۔ریلوے حکام کے مطابق آخری 3 ڈبے الگ کر کے ٹرین روانہ کر دی گئی ہے جبکہ کرین کے ذریعے متاثرہ بوگیوں کو ٹریک پر لانے کا عمل جاری ہے۔

بقیہ 48

لایا، جبکہ دوسرے شخص نے وہ راجندر کو کھانے کے لیے دے دی، منہ میں رکھتے ہی اس میں دھماکا ہو گیا۔ پولیس افسر کے مطابق یہ دیسی ساختہ بم علاقے کے بعض قبائلی افراد جنگلی خنزیروں کے شکار کے لیے استعمال کرتے ہیں، اسے آٹے کی گولیوں میں بارودی مواد بھر کر تیار کیا جاتا ہے، جو اکثر پٹاخوں یا کانوں سے حاصل کیا جاتا ہے۔یہ بم دیکھنے میں بھارت کی روایتی مٹھائی رس گلے جیسا ہوتا ہے، جسے عام طور پر پورا کھایا جاتا ہے۔دھماکے کے نتیجے میں راجندر شدید زخمی ہوگیا، جسے فوری طور پر ہسپتال منتقل کیا گیا، تاہم وہ جانبر نہ ہوسکا۔پولیس نے واقعے میں ملوث ہونے کے الزام میں 2 افراد کو گرفتار کر لیا، جن کے خلاف غیر ارادی قتل کا مقدمہ درج کیا گیا ہے۔پولیس افسر ریکھا سنگھ کے مطابق تا حال یہ واضح نہیں ہوسکا کہ ملزمان کا مقصد راجندر کو قتل کرنا تھا یا یہ محض شرارت تھی، واقعے کی مزید تحقیقات جاری ہیں۔

بقیہ 49

سرمایہ کاروں کا تحفظ ہمارا تحفظ اور ان کی سلامتی ہماری سلامتی ہے، سرمایہ کاروں کے مفادات کے تحفظ کیلئے ایک ٹیم کے طور پر کام کریں گے، سرمایہ کاروں کی توقعات پر پورا اترنے کیلئے طریقہ کار آسان بنایا جارہا ہے، لائسنس اور معاہدوں کے اجرا میں مکمل شفافیت یقینی بنائیں گے، انشااللہ 2050 سے بھی پہلے دنیا کی بڑی معیشتوں میں پاکستان شامل ہوگا۔ جمعہ کو پاکستان منرلز فورم سے خطاب میں وزیراعظم نے کہا کہ وفاق اور صوبائی حکومتیں معدنیات کے شعبے کے فروغ کیلئے مل کر کام کریں گی۔انہوں نے کہا کہ سرمایہ کاروں کے مفادات کے تحفظ کیلئے ایک ٹیم کے طور پر کام کریں گے، سرمایہ کاروں کا تحفظ ہمارا تحفظ اور ان کی سلامتی ہماری سلامتی ہے۔شہباز شریف نے کہا کہ معدنیات کے منصوبوں کی کامیابی کیلئے مقامی آبادی کا تعاون اور اعتماد ضروری ہے، افرادی قوت، اثاثوں اور سپلائی روٹس کا تحفظ حکومت کی ذمے داری ہے۔ انہوں نے کہا کہ معدنیات کو نکالنا، پاکستان میں پراسیس اور تیار کرکے برآمد کرنا ہے، سفر مشکل ضرور ہے لیکن ہم پرعزم ہیں۔وزیراعظم نے کہا کہ مساوی اور منصفانہ شراکت داری پاکستان اور سرمایہ کاروں دونوں کیلئے فائدہ مند ہے، معدنیات کے شعبے میں سرمایہ کاروں کو یکساں مواقع اور پالیسیوں میں تسلسل فراہم کریں گے۔

بقیہ 50

کا منظر پیش کرنے لگا۔ پائلٹ نے فضائی ٹریفک کنٹرول کو ہنگامی پیغام دیتے ہوئے آگاہ کیا کہ پانی کی بڑی مقدار طیارے کے برقی نظام کو نقصان پہنچا سکتی ہے، جس کے بعد شکاگو کے اوہیر ہوائی اڈے پر ہنگامی لینڈنگ کی اجازت طلب کی گئی۔ فضائی حکام کے مطابق طیارے میں سفر کرنے والے ایک مسافر پلمبر نے پانی بند کرنے میں مدد کی تاہم حفاظت کے پیش نظر طیارے کو بحفاظت اتار کر مسافروں کو متبادل طیارے کے ذریعے منزل مقصود پر روانہ کیا گیا۔

بقیہ 51

چھپنے کی جگہ نہیں ملے گی۔جمعہ کو وزارت داخلہ سے جاری بیان کے مطابق وزیر داخلہ نے دہشت گردوں کے ناپاک عزائم ناکام بنانے پر سکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں اور غیر معمولی جرأت کو سراہا۔ انہوں نے کہا کہ بڑی تعداد میں دہشت گردوں کو جہنم واصل کرنے پر وہ سکیورٹی فورسز کو سلام پیش کرتے ہیں کیونکہ فورسز کے بہادر سپوت پوری قوم کا سرمایہ افتخار ہیں۔وفاقی وزیر محسن نقوی نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ سکیورٹی فورسز ملک سے بھارتی سپانسرڈ دہشت گردوں کے مکمل خاتمے کے لیے پرعزم ہیں اور پوری قوم دہشت گردی کے خلاف اس جنگ میں اپنی سکیورٹی فورسز کے ساتھ مضبوطی سے کھڑی ہے۔

بقیہ 52

میں شدید نعرے بازی کی گئی۔احتجاجی ڈاکٹرز نے کہا کہ صوبے کے تمام ایم ٹی آئیز اسپتالوں میں ہاؤس آفیسرز کو 15 فیصد اضافہ کے ساتھ ماہانہ وظائف دیے جارہے ہیں، لیڈی ریڈنگ اسپتال میں 184 ہاؤس آفیسر ڈاکٹروں کو اس اضافے سے محروم کرنا انتہائی افسوسناک ہے۔ڈاکٹر بریال نے کہا کہ ایل آر ایچ انتظامیہ فنڈز نہ ہونے کا بہانہ بنا رہی ہے، اسپتال انتظامیہ اس اضافے کے لیے خود فنڈز کا اہتمام کرے۔ انہوں نے کہا کہ ابھی صرف الیکٹو سروسز کا بائیکاٹ ہے، اضافہ نہ دیا گیا تو مکمل احتجاجی بائیکاٹ ہوگا، خیبر پختونخوا حکومت نے ہاؤس آفیسرز کے ماہانہ وظائف میں 15 فیصد کی منظوری دے رکھی ہے۔

بقیہ 53

اپگریڈیشن پر تفصیلی بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ اس منصوبے کے تحت اسلام آباد میں جدید اور اسٹیٹ آف دی آرٹ 35 ٹریفک سگنلز انٹرسیکشنز اور 18 پیڈسٹرین (پیلیکن) کراسنگز کی تنصیب و اپگریڈیشن کی جائیگی۔ بریفنگ دیتے ہوئے انہیں بتایا گیا کہ اس منصوبے کا مقصد ٹریفک کے بہاؤ کو مزید بہتر بنانا اور پیدل چلنے والوں کیلئے روڈ کراسنگ کے عمل کو محفوظ اور آسان بنانا ہے ۔ چیئرمین سی ڈی اے کو بتایا گیا کہ اسلام آباد میں موجودہ ٹریفک سگنل intersections کی اپگریڈیشن کا منصوبہ پر سول ورک تیزی کیساتھ آگے بڑھ رہا ہے۔ بریفنگ دیتے ہوئے چیئرمین سی ڈی اے کو بتایا گیا کہ مختلف انٹرسیکشنز پر تقریباً 18 پیدل چلنے والوں کیلئے جدید پیلیکن (Pelican) کے نظام سے آراستہ کیا جائیگا۔ بریفنگ دیتے ہوئے انہیں بتایا گیا کہ منصوبے کو رواں برس مکمل کرلیا جائیگا۔ چیئرمین سی ڈی اے کو بتایا گیا کہ منصوبے کے تحت مختلف مقامات پر جاری کاموں کی تفصیلات کیمطابق دامن کوہ چوک پر ٹریفک سگنلز کا 85 فیصد کام مکمل ہو چکا ہے۔ جسمیں خیابان راؤنڈ آباؤٹ/خیبر چوک اور آبپارہ چوک پر سول ورک مکمل کرلیا گیا ہے ۔ اسی طرح ریڈیو پاکستان چوک، فیصل چوک 3 اور پاک سیکریٹریٹ پر پیلیکن intersections سگنلز کی تنصیب کا 50 فیصد سول ورک مکمل ہو چکا ہے جبکہ باقی ماندہ ٹریفک سگنلز کی اپگریڈیشن اور پیڈسٹرین (پیلیکن کراسنگ) کا کام بھی جاری ہے۔چیئرمین سی ڈی اے نے ہدایت کی کہ منصوبے کی بروقت تکمیل، معیار اور شفافیت کیلئے تمام وسائل بروئے کار لائے جائیں۔انہوں نے مزید کہا کہ ٹریفک سگنلز کی تنصیب سے دارالحکومت اسلام میں نہ صرف ٹریفک کے بہاؤ کو بہتر بنانے میں مدد ملے گی بلکہ ٹریفک حادثات میں بھی نمایاں کمی آئیگی۔

بقیہ 54

کہ ننھے بچوں کی ذہانت، تجسس، صاف دل اور بڑے خواب دیکھنے کی صلاحیت پاکستان کے روشن مستقبل کی امید دلاتی ہے۔انہوں نے بچوں کے ساتھ رنگوں، مختلف اشکال اور ٹیڈی بیئرز کے موضوعات پر بات چیت کی اور ان کی دلچسپی اور ذہانت کا مشاہدہ کیا۔احسن اقبال نے کہا کہ حکومت ابتدائی بچپن کی معیاری تعلیم پر خصوصی توجہ دے رہی ہے تاکہ بچوں کی صلاحیتوں کو ابتدائی عمر سے ہی نکھارا جا سکے اور انہیں سیکھنے، سوچنے اور تخلیقی صلاحیتوں کے اظہار کے بہتر مواقع فراہم کیے جا سکیں۔انہوں نے کہا کہ بچوں کی تعلیم وتربیت میں دلچسپ اور سرگرمیوں پر مبنی تدریسی طریقوں کو فروغ دینا ضروری ہے تاکہ وہ اعتماد، ذہانت اور مثبت سوچ کے ساتھ آگے بڑھ سکیں۔وفاقی وزیر نے اس عزم کا اظہار کیا کہ بچوں کو معیاری تعلیمی ماحول اور بہتر مواقع فراہم کر کے انہیں مستقبل کے باصلاحیت، تخلیقی اور ذمہ دار شہری بنانے کے لیے کوششیں جاری رکھی جائیں گی۔

پالیسی سازی میں تاجر تنظیموں کو اعتماد میں لیا جائے، زاہد قریشی

تاجر برادری ملکی ترقی اور معاشی استحکام کے لیے حکومت کی اہم شراکت دار ہے، بانی وائس آف ٹریڈرز آئی ایٹ مرکز

اسلام آباد کے تجارتی مراکز بالخصوص آئی ایٹ مرکز میں پارکنگ، صفائی، سکیورٹی اور نکاسی آب کی سہولیات یقینی بنائی جائیں

تجارتی مراکز کو سیاسی احتجاج اور کاروباری رکاوٹوں سے محفوظ رکھا جائے، ٹیکس نظام کو آسان اور کاروبار دوست بنایا جائے

اسلام آباد(این این این) وائس آف ٹریڈرز آئی ایٹ مرکز کے بانی، کور کمیٹی کے سینئر ممبر اور ٹریڈرز ویلفیئر ایسوسی ایشن آئی ایٹ مرکز کے سابق جنرل سیکرٹری زاہد قریشی نے کہا ہے کہ تاجر برادری ملکی ترقی اور معاشی استحکام کے لیے حکومت کی اہم شراکت (بقیہ نمبر 1)



صوبائی وزیر سوشل ویلفیئر سہیل شوکت بٹ، گوجرانوالہ میں وحی رانی پروگرام کی تقریب میں مستحق جوڑوں کی اجتماعی شادی کے موقع پر خطاب کر رہے ہیں

بجلی چور کسی ہمدردی اور رعائیت کے مستحق نہیں ہیں

اکتوبر 2026 بجلی چوروں کو 1 کروڑ 94 لاکھ سے زائد کے جرمانے عائد کیے

اسلام آباد(این ای این) انجینئر چوہدری خالد محمود چیف ایگزیکٹو آئیسکو نے کہا ہے کے بجلی چوری محض ایک غیر اخلاقی اور غیر قانونی فعل نہیں بلکہ قومی خزانے ملکی معیشت اور کروڑوں امانت دار صارفین کے حق پر ڈاکہ ہے اور ان ملک دشمن عناصر سے آئیسکو اہنی ہاتھوں سے نمٹ رہی ہے ۔انجینئر چوہدری خالد محمود نے اکتوبر 2026 کے دوران انسداد بجلی (بقیہ نمبر 19)



گورنر خیبر پختونخوا کے مشیر برائے قانون و پارلیمانی امور اور محنت عامر جاوید محکمہ محنت کے جیو ٹیگنگ پر مبنی ڈیجیٹل مانیٹرنگ سسٹم (HMIS) اور (LMIS) کا افتتاح کر رہے ہیں

واسا کالاہور میں سمارٹ واٹر میٹرنگ کے جدید نظام کا باقاعدہ آغاز

ایک ہزار الٹرا سونک سمارٹ واٹر میٹرز کامیابی سے نصب اور فعال کر دیئے گئے

لاہور(این این آئی) واسا نے لاہور میں سمارٹ واٹر میٹرنگ کے جدید نظام کا باقاعدہ آغاز کر دیا ۔جوہر ٹاؤن لاہور میں ایک ہزار الٹرا سونک سمارٹ واٹر میٹرز کامیابی سے نصب اور فعال کر دیئے گئے ہیں۔ایم ڈی واسا غضنفر احمد نے سمارٹ میٹرنگ سسٹم اور(بقیہ نمبر 21)

ایم ڈی ستھرا پنجاب ایجنسی کا تحصیل اٹک کا اچانک دورہ

صفائی کے انتظامات میں کسی قسم کی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی، مراد حسین

اٹک(این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے وژن ستھرا پنجاب کے تحت ایم ڈی ستھرا پنجاب ایجنسی اٹک میاں مراد حسین نیکوکارہ نے تحصیل اٹک کے شہری و دیہی علاقوں اور یونین کونسل مرزا کا کا اچانک دورہ کیا اور صفائی ستھرائی کے انتظامات کا جائزہ لیا۔اس موقع پر انہوں نے ہیٹ وائز مشینری اور ویسٹ اکلوژرز کا معائنہ کیا جبکہ شہریوں (بقیہ نمبر 22)



لاہور، مشیر وزیر اعلیٰ پنجاب علی ڈار لاہور ایکسپو سنٹر میں منعقدہ ایکسپو بک اینڈ سٹیشنری فیئر 2026ء کا دورہ کر رہے ہیں

جامع مساجد اور شہر بھر میں خصوصی صفائی و زیرو ویسٹ آپریشن

ایم ڈی رانا ساجد صفدر کی ہدایت پر جامع مساجد کے اندر اور باہر صفائی، چونے کا چھڑکاؤ اور سڑکوں کی واشنگ کی گئی

اینٹی لٹرنگ اسکواڈ نے کوڑا پھیلانے اور جلانے والوں کو وارننگز جاری کیں، کیو ایم کیمیکل ٹیم کی شہریوں کو صفائی برقرار رکھنے کی اپیل

راولپنڈی (این ای این) ستھرا پنجاب ایجنسی راولپنڈی کے ورکرز نے ایم ڈی رانا ساجد صفدر کی ہدایات کی روشنی میں جمعہ کے روز جامع مساجد کے اندر اور باہر خصوصی صفائی، چونے کا چھڑکاؤ، سڑکوں کی واشنگ اور سویپنگ سمیت مختلف صفائی سرگرمیاں انجام دیں تاکہ شہریوں کو صاف ستھرا ماحول فراہم کرنے کے ساتھ ماحولیاتی آلودگی اور ڈینگی کے خاتمے کے لیے مؤثر اقدامات یقینی بنائے (بقیہ نمبر 2)

ایس ایس پی انویسٹی گیشن سیف اللہ کی کھلی کچہری


شہریوں کی شکایات پر متعلقہ افسران کو کارروائی کے احکامات

راولپنڈی (این این آئی) ایس ایس پی انویسٹی گیشن سیف اللہ نے پولیس لائنز ہیڈ کوارٹرز میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا، جہاں انہوں نے شہریوں کی شکایات سنیں اور ان کے حل کے لیے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کیے۔ایس ایس پی انویسٹی گیشن نے ہدایت کی کہ مارک کردہ درخواستوں پر دیے گئے ٹائم فریم کے اندر قانونی کارروائی یقینی بنائی جائے (بقیہ نمبر 29)

گوجر خان ریلوے روڈ پر موبائل چوری کی واردات

مقدمہ درج نہ ہو سکا، متاثرہ تاجر تھانے کے چکر لگانے پر مجبور

گوجر خان (قمر شہزاد) گوجر خان کے مصروف ترین تجارتی مرکز ریلوے روڈ پر قائم ایک نجی ہوٹل کراچی بریانی سے موبائل فون چوری ہونے کے واقعے کو 48 گھنٹے سے زائد کا وقت گزر گیا ہے، تاہم تاحال نہ تو چوری شدہ موبائل برآمد ہو سکا ہے اور نہ ہی مقامی پولیس کی جانب سے واقعے کا باقاعدہ مقدمہ درج کیا گیا ہے۔ذرائع اور متاثرہ تاجر کے مطابق (بقیہ نمبر 17)



لاہور، سی سی پی او لاہور بلال صدیق کمیانہ سول لائنز اور سٹی ڈویژن کی کارکردگی سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن کورٹ کشمور ایت کندھ کوٹ کا اعزاز

زیر التوا مقدمات نمٹانے میں سندھ بھر میں پہلی پوزیشن حاصل کر لی

تمام جج صاحبان اور عدالتی عملے کی مشترکہ کاوشوں سے شاندار اعزاز حاصل ہوا

وکلا برادری اور شہریوں کا اطمینان کا اظہار، عوام کا عدالتی نظام پر اعتماد مزید مستحکم ہوا

کندھ کوٹ (سید رشید احمد شاہ) ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج کشمور ایت کندھ کوٹ کی سربراہی میں ضلع بھر کے تمام جج صاحبان کی مشترکہ کاوشوں کے نتیجے میں ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن کورٹ نے مقدمات کی زیر التوا تعداد پینڈنسی کم کرنے کے حوالے سے پورے سندھ میں بہترین کارکردگی کا اعزاز حاصل کر لیا ہے یہ اہم کامیابی جج صاحبان عدالتی افسران اور عملے کی مشترکہ محنت مؤثر انتظامی حکمتِ عملی اور مقدمات کو تیزی سے نمٹانے کے اقدامات کے نتیجے میں حاصل ہوئی ہے۔اس کامیابی پر شہریوں اور وکلا برادری کی جانب سے خوشی اور(بقیہ نمبر 18)

راولپنڈی پولیس کی منشیات فروشوں کے خلاف کارروائیاں

5 ملزمان گرفتار، 8 کلو سے زائد چرس برآمد، الگ الگ مقدمات درج

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے منشیات کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے 5 منشیات سپلائرز کو گرفتار کر کے 8 کلو سے زائد چرس برآمد کر لی۔تفصیلات کے مطابق پیرودھائی پولیس نے دو منشیات سپلائرز کو گرفتار کر کے 3 کلو 805 گرام چرس، ٹمبڑی پولیس نے دو ملزمان کو گرفتار کر کے 3 کلو 140 گرام جبکہ کوہٹہ پولیس نے ایک منشیات سپلائرز کو گرفتار کر کے ایک کلو 100 گرام چرس برآمد کر لی۔ پولیس نے ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لیے ہیں۔



رائے ونڈ، شالیمار ایکسپریس کے انجن میں خواجہ سراؤں کے سفر کے واقعہ میں ملوث ٹرین ڈرائیور اور خواجہ سرا پولیس حراست میں کھڑے ہیں

کمسن بچی کو ورغلا کر بلیک میل کرنے والا ملزم گرفتار

نیشنل سینٹر فار مسنگ اینڈ ایکسپلوٹڈ چلڈرن کی سائبر ٹپ لائن رپورٹ پر کارروائی

اسلام آباد الاہور (این این آئی) این سی سی آئی اے لاہور نے کمسن بچی کو ورغلا کر بلیک میل کرنے والا ملزم گرفتار کر لیا۔تفصیلات کے مطابق این سی سی آئی اے لاہور نے نیشنل سینٹر فار مسنگ اینڈ ایکسپلوٹڈ چلڈرن (NCMEC) کی جانب سے موصول ہونے والی سائبر ٹپ لائن رپورٹ پر فوری کارروائی کرتے ہوئے کمسن بچی کو سوشل میڈیا کے (بقیہ نمبر 30)



پشاور، مشیر اطلاعات ثمر ہارون بلور خیبر پختونخوا سپورٹس ہیروز ایوارڈز تقریب کے موقع پر لیپٹاپز میں ایوارڈ تقسیم کر رہی ہیں

کھلی کچہری کے ذریعے عوام کو انصاف کی بروقت فراہمی

ڈی جی این سی سی آئی اے کی کھلی کچہری، شہریوں کی شکایات براہ راست سنی گئیں

اسلام آباد(این این آئی) ڈی جی این سی سی آئی اے کی کھلی کچہری میں شہریوں کی شکایات براہ راست سنی گئیں۔تفصیلات کے مطابق ڈائریکٹر جنرل نیشنل سائبر کرائم انویسٹیگیشن ایجنسی سید علی ناصر رضوی نے کھلی کچہری کے دوران شہریوں کی شکایات اور مسائل براہِ راست سنے اور ان کے حل کے لیے متعلقہ افسران کو ضروری ہدایات جاری کیں، کھلی کچہری میں سائبر کرائم سے متعلق مختلف نوعیت کی شکایات، تفتیشی معاملات اور شہریوں کو درپیش مسائل کا تفصیلی جائزہ لیا گیا،شہریوں نے آن لائن فراڈ، ہراسانی، سوشل میڈیا کے غلط استعمال اور(بقیہ نمبر 31)

ڈی جی این سی سی آئی اے کی افسران کے ساتھ میٹنگ

ادارے کے انتظامی امور، دفتری نظم وضبط اور مختلف شعبہ جات کی کارکردگی پر تفصیلی تبادلہ خیال

اسلام آباد(این این آئی) ڈی جی این سی سی آئی اے کی زیر صدارت اسٹاف آفیسرز اور ہیڈ کوارٹرز کے افسران کے ساتھ اجلاس میں ادارے کے انتظامی امور، دفتری نظم وضبط اور مختلف شعبہ جات کی کارکردگی پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا ۔تفصیلات کے مطابق ڈائریکٹر جنرل نیشنل سائبر کرائم انویسٹیگیشن ایجنسی سید علی ناصر رضوی کی زیر صدارت اسٹاف آفیسرز اور ہیڈ کوارٹرز کے آفسران کے ساتھ اہم میٹنگ منعقد ہوئی، میٹنگ میں (بقیہ نمبر 32)

ایڈیٹر انچیف۔۔محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل الہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔0309-7900035

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر کشمور ایت کندھ کوٹ کی زیر صدارت اجلاس

غیر حاضر اساتذہ کے خلاف سخت کارروائی کا حکم،، اساتذہ کی حاضری ہر صورت یقینی بنانے کی ہدایت

اسسٹنٹ کمشنرز، سی ایم او اور ٹی ای اوز کو اسکولوں کے باقاعدہ اور اچانک دورے کر کے تفصیلی رپورٹس پیش کرنے کا حکم

کندھ کوٹ (سید رشید احمد شاہ) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر کشمور ایت کندھ کوٹ مسرور احمد بجارانی کی زیر صدارت محکمہ تعلیم کے افسران کا اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں ڈی او سیکنڈری، ڈی او پرائمری، تمام تعلقوں کے ٹی ای اوز اور محکمہ تعلیم سے متعلقہ افسران نے شرکت کی اجلاس کے دوران ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر نے محکمہ تعلیم کے افسران کو ہدایات دیتے ہوئے کہا کہ اسکولوں میں اساتذہ کی حاضری کو ہر صورت یقینی بنایا جائے اور غیر حاضر اساتذہ کی نشاندہی کر کے ان کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے اور تفصیلی (بقیہ نمبر 4)



لاہور، چیئرمین پنجاب ریونیو اتھارٹی معظم اقبال سپرا، ڈیجیٹل ادائیگیوں کے فروغ اور انعامی سکیم کے اجراء سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

غذر میں مسافر وین دریا میں گر گئی، 11 افراد جاں بحق

غذر (این این آئی) غذر میں نوح پل کے قریب مسافر وین دریائے یاسین میں جا گری، حادثے میں 11 افراد جاں بحق اور متعدد زخمی ہو گئے۔ریسکیو حکام کے مطابق دریائے یاسین سے اب تک 11 افراد کی لاشوں کو نکالا جا چکا ہے، اندھیرے کے باعث ریسکیو آپریشن میں مشکلات کا سامنا ہے۔ ریسکیو ٹیمیں موقع پر موجود ہیں، زخمیوں کو گاکوچ منتقل کیا جا رہا ہے، مسافر وین گلگت سے ہنزہ جا رہی تھی۔

بھکر کے علاقے میں حادثہ، دو افراد جاں بحق

دریا خان (این این آئی) بھکر کے علاقے میں محمد یار والا کے قریب روڈ ایکسیڈنٹ کی اطلاع ملتے ہی بھکر پولیس ٹریفک پولیس اور پٹرولنگ پولیس نے فوری موقع پر پہنچ کر امدادی کارروائیاں شروع کر دیں حادثے کے نتیجے میں دو افراد موقع پر جاں بحق جبکہ ایک شخص زخمی ہو گیا پولیس ٹیموں نے زخمی اور جاں بحق افراد کی نعشوں کو بذریعہ 1122 کو منتقل (بقیہ نمبر 20)

راولپنڈی پولیس کی کارروائیاں، 6 ملزمان گرفتار 55 لیٹر سے زائد شراب اور اسلحہ برآمد

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے مختلف علاقوں میں کارروائیاں کرتے ہوئے 6 ملزمان کو گرفتار کر کے 55 لیٹر سے زائد شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق ملزمان کے خلاف کارروائیاں تھانہ صادق آباد، ریس کورس، نصیر آباد، آر اے بازار، ٹیکسلا اور روات کے علاقوں میں کی گئیں۔ پولیس نے زیر حراست ملزمان کے خلاف قانونی کارروائی شروع کر دی ہے۔ڈویژنل ایس پیز کا کہنا تھا کہ منشیات اور ناجائز اسلحہ رکھنے والے افراد قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے۔

شاہ محمود قریشی کی درخواست ضمانت پر سماعت آج ہوگی

لاہور (این این آئی) جناح ہاؤس کے قریب سرکاری گاڑیاں جلانے کے کیس میں پی ٹی آئی رہنما شاہ محمود قریشی کی درخواست ضمانت پر ساعت آج (ہفتہ) کو ہوگی۔ گزشتہ ساعت پر پراسیکیوشن نے مقدمے کا ریکارڈ پیش کرنے کے لئے مہلت طلب کی تھی جس پر عدالت نے برہمی کا اظہار کیا تھا۔

جی 7 ممالک کا ایران پر سفارتی حل نہ نکلنے تک دباؤ جاری رکھنے کا اعلان

اعلامیے میں فرانس اور برطانیہ کی قیادت میں آبنائے ہرمز میں بحری آمدورفت بحال کرنے کی دفاعی کوششوں کی حمایت بھی کی گئی ہے

یورپ کی سلامتی کے مستقبل سے متعلق فیصلوں میں یورپی ممالک کی شمولیت ضروری ہے ،مشترکہ اعلامیہ

پیرس (این این آئی) پیرس میں جی سیون ممالک نے ایران کے ساتھ سفارتی حل تلاش کرنے میں پیش رفت نہ ہونے کی صورت میں تہران پر دباؤ برقرار رکھنے کا اعلان کیا ہے ۔جی سیون ممالک کے اعلامیے میں ایران سے جوہری پروگرام سے متعلق عالمی خدشات دور کرنے کا مطالبہ کیا گیا ہے جبکہ آبنائے ہرمز میں تجارتی جہازوں کی آزادانہ آمدورفت یقینی بنانے پر زور دیا گیا ہے ۔اعلامیے میں فرانس اور برطانیہ کی قیادت میں آبنائے ہرمز میں بحری آمدورفت بحال کرنے کی دفاعی (بقیہ نمبر 5)



لاہور، صوبائی وزیر صنعت وتجارت چوہدری شافع حسین پنجاب سمال انڈسٹریز کارپوریشن کے بورڈ ممبران کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

تیز رفتار گاڑی کی ٹکر سے سڑک عبور کرنے والی خاتون جاں بحق، ایک شدید زخمی

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی مری روڈ پر تیز رفتار گاڑی نے سڑک عبور کرنے والی دو خواتین کو ٹکر ماردی جس کے نتیجے میں ایک خاتون موقع پر جاں بحق جبکہ دوسری شدید زخمی ہوگئی۔پولیس حکام کے مطابق زخمی خاتون کو تشویشناک حالت میں بینظیر بھٹو ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔جاں بحق خاتون کی شناخت شائستہ سلیم کے نام سے ہوئی جس کا تعلق آزاد کشمیر سے تھا۔پولیس نے بتایا کہ حادثے کے بعد گاڑی کا ڈرائیور گاڑی سمیت موقع سے فرار ہو گیا۔

4 افسران کے تقرر و تبادلے کے احکامات، ڈی جی فوڈ اتھارٹی

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے متعدد افسران کے تقرر و تبادلے کے احکامات جاری کر دیئے ۔ نوٹیفکیشن کے مطابق ایڈیشنل سیکرٹری سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن سید ساجد ترمذی کو تبدیل کر کے ایڈیشنل سیکرٹری سپیشل ایجوکیشن، مینجنگ ڈائریکٹر ہارٹ کلچر ایجنسی لاہور احمد عثمان جاوید کو ایڈیشنل سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن ،ڈائریکٹر جنرل پنجاب فوڈ اتھارٹی منصور احمد کو تبدیل کر کے مینجنگ ڈائریکٹر ہارٹ کلچر (بقیہ نمبر 38)



لاہور، ایک کاریگر روایتی انداز میں دہکتے کوئلوں کی انگیٹھی پر فرنیچر پالش تیار کر رہا ہے

پاکستان اور برطانیہ میں تجارت بڑھانے کے وسیع مواقع ہیں، ہائی کمشنر

پاکستان اور برطانیہ کے درمیان سالانہ تجارت کا حجم 6 ارب پاؤنڈ تک پہنچ چکا ہے

بریڈفورڈ (این این آئی) برطانیہ میں پاکستان کے ہائی کمشنر ٹپو عثمان نے کہا ہے کہ پاکستان اور برطانیہ کے درمیان فن ٹیک اور ٹیکسٹائل سمیت مختلف شعبوں میں باہمی تجارت اور سرمایہ کاری بڑھانے کے وسیع مواقع موجود ہیں۔ بریڈفورڈ میں ویسٹ یارکشائر (بقیہ نمبر 36)

پیک شدہ چائے کی پیداوار کی الیکٹرانک نگرانی کا فیصلہ

پیداوار سے پیکنگ تک کا سارا ریکارڈ الیکٹرانک طریقے سے ایف بی آر کو ملے گا

لاہور(این این آئی) چائے کی پیداوار اور فروخت کی نگرانی اور ٹیکس چوری روکنے کیلئے ایف بی آر نے پیک شدہ چائے کی پیداوار کی الیکٹرانک نگرانی کا فیصلہ کیا ہے۔ چائے کے ہر رٹیل پیک پر مشین سے پڑھا جانے والا بارکوڈ لگانا لازمی قرار دیدیا گیا۔ پیکیجڈ چائے بنانے اور پیک کرنے والی کمپنیوں کے لیے نئی ہدایات جاری کر دی گئی، چائے کے ہر برانڈ، وزن اور پیکنگ کے لیے الگ بارکوڈ رجسٹر کرانا ہوگا، چائے کی پیداوار اور پیکنگ (بقیہ نمبر 37)

لاہور، ایک کاریگر روایتی انداز میں دہکتے کوئلوں کی انگیٹھی پر فرنیچر پالش تیار کر رہا ہے

راولپنڈی انسٹیٹیوٹ آف کارڈیالوجی میں دل کے آپریشنز کی سہولیات بلا تعطل جاری ہیں، ترجمان آر آئی سی

ایمرجنسی آپریشنز کیلئے والوز دستیاب ہیں، ترجمان

خبر میں دکھایا گیا مریض ایمرجنسی نہیں بلکہ الیکٹو سرجری کا منتظر تھا، کسی ہنگامی مریض کا آپریشن نہیں روکا گیا

قانونی حکمِ امتناعی کے باعث عارضی تعطل آیا، نیا ٹینڈر مکمل کر کے لیٹر آف انٹینٹ جاری کر دیا گیا ہے، سپلائی 15 روز میں متوقع

جولائی 2026 سے اب تک سرکاری پروگراموں کے تحت 320 بالغوں کی اوپن ہارٹ سرجری اور 236 بچوں کے کارڈیک پروسیجرز مفت کیے گئے

راولپنڈی (این ای این) راولپنڈی انسٹیٹیوٹ آف کارڈیالوجی (RIC) کے ترجمان نے ایک نجی ٹی وی چینل پر نشر ہونے والی خبر کی وضاحت کرتے ہوئے کہا ہے کہ خبر میں دکھایا گیا مریض ایمرجنسی کیس نہیں بلکہ الیکٹو (Elective) سرجری کا منتظر تھا، جس میں فوری آپریشن طبی طور پر ضروری نہیں ہوتا۔ترجمان نے واضح کیا کہ ایمرجنسی اور ارجنٹ مریضوں کے آپریشن کے لیے مطلوبہ والو دستیاب ہیں اور کسی بھی ہنگامی مریض کا آپریشن والو کی عدم دستیابی کے باعث نہیں روکا گیا۔تمام مریضوں کی سرجری کی ترجیح ان کی طبی حالت اور رجسٹریشن کی تاریخ کے مطابق طے کی جاتی ہے، نہ کہ ادائیگی یا پروگرام کی بنیاد پر۔مرکزی ٹینڈر پر قانونی حکمِ امتناعی کے باعث الیکٹو کیسز کے لیے والو کی فراہمی عارضی طور پر متاثر ہوئی تھی۔تاہم، پنجاب پروکیورمنٹ رولز کے تحت دوبارہ ٹینڈر مکمل کر کے کامیاب بولی دہندہ کو لیٹر آف انٹینٹ جاری کر دیا گیا ہے، جبکہ نئی سپلائی 15 دن کے اندر متوقع ہے ۔ترجمان کے مطابق جولائی 2026 سے اب تک سرکاری صحت (بقیہ نمبر 6)

شادی کا جھانسہ دے کر خاتون سے زیادتی، مقدمہ درج

راولپنڈی (این این آئی) صادق آباد پولیس نے شادی کا جھانسہ دے کر خاتون سے زیادتی کے مقدمے میں ملزم کو 24 گھنٹوں کے اندر گرفتار کر لیا۔ مدعیہ مقدمہ کے مطابق ملزم نے اسے شادی کا جھانسہ دے کر زیادتی کا نشانہ بنایا۔ متاثرہ خاتون کا میڈیکل پراسیس بھی مکمل کرایا گیا ہے۔اس پی راول بیدار بخت گوندل نے کہا کہ ملزم کو ٹھوس شواہد (بقیہ نمبر 24)

سی پی او کا راولپنڈی کرکٹ سٹیڈیم کے سکیورٹی و ٹریفک انتظامات کا جائزہ

راولپنڈی (این این آئی) سی پی او احسن مشتاق سکھیرا نے راولپنڈی کرکٹ سٹیڈیم میں پاکستان اور سری لنکا کے درمیان ٹیسٹ میچ کے حوالے سے سکیورٹی و ٹریفک انتظامات کا جائزہ لیا اور ڈیوٹی پر مامور افسران و اہلکاروں کو فول پروف سکیورٹی یقینی بنانے کی ہدایات جاری کیں۔اس موقع پر ایس ایس پی آپریشنز، چیف ٹریفک آفیسر، ایس پی سکیورٹی، ایس پی پوٹھوہار، ایس پی راول اور دیگر افسران نے سی پی او کو سکیورٹی و ٹریفک انتظامات کے حوالے سے بریفنگ دی۔ سی پی او احسن مشتاق سکھیرا (بقیہ نمبر 27)

آئی جی اجلاس میں بورڈ کے 40 افسران و ملازمین کی ترقیوں کی سفارشات

ترقیوں کا عمل شفافیت اور میرٹ کے تقاضوں کے عین مطابق، قواعد وضوابط کی پاسداری یقینی بنانے کی ہدایت

صدارت چیئرمین تعلیمی بورڈ پروفیسر ڈاکٹر اقبال محمود نے کی، پروموشن مکمل کرنے والے ملازمین کے کنفرمیشن کیسز کا بھی جائزہ

دو اسسٹنٹ سیکرٹری ڈپٹی سیکرٹری، چار سپرنٹنڈنٹ اسسٹنٹ سیکرٹری، 14 اسسٹنٹ سپرنٹنڈنٹ اور 20 سینئر کلرک اسسٹنٹ بنیں گے

راولپنڈی (این ای این) بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری راولپنڈی کی ایوالیکٹمنٹ اینڈ پروموشن کمیٹی (اے پی سی) کا اجلاس پروفیسر ڈاکٹر اقبال محمود چیئرمین تعلیمی بورڈ ،راولپنڈی کی زیر صدارت منعقد ہوا۔ اجلاس میں بورڈ کے افسران و ملازمین کے ترقی کے مختلف کیسز کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اور متعلقہ قواعد وضوابط کے مطابق ترقیوں کی سفارشات پیش کی گئیں۔اجلاس میں مختلف (بقیہ نمبر 3)

سب انسپکٹر کا جعلی نوٹس کے ذریعے خاتون کو ہراساں کرنے کا انکشاف

کراچی(این این آئی) چیف سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی (این سی سی آئی اے) کی جانب سے شکایت کی آڑ میں خاتون کو ہراساں کرنے کا انکشاف ہوا ہے۔تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز ہائیکورٹ میں این سی سی آئی اے کے سب انسپکٹر کی جانب سے خاتون کو مبینہ طور ہراساں کرنے کے خلاف درخواست کی سماعت ہوئی جس دوران این سی سی آئی اے حکام اور درخواست گزار کے وکلا پیش ہوئے۔وکیل کے مطابق این سی سی آئی اے (بقیہ نمبر 28)



لاہور، سابق چیئرمین پی سی بی ڈاکٹر نسیم اشرف، نیشنل کرکٹ اکیڈمی لاہور کا دورہ کر رہے ہیں

فراڈ کا شکار شہری کی 150,000 روپے کی رقم برآمد

شہری سوشل میڈیا پر نامعلوم افراد کی جانب سے رقم کی ترسیل یا انعامات کے جھانسے میں نہ آئیں

اسلام آباد (این این آئی) این سی سی آئی اے ایبٹ آباد نے فراڈ کا شکار شہری کی 150,000 روپے کی رقم برآمد کر لی۔تفصیلات کے مطابق این سی سی آئی اے ایبٹ آباد نے کارروائی کرتے ہوئے سوشل میڈیا کے ذریعے فراڈ کا شکار ہونے والے شہری کی 150,000 روپے کی رقم برآمد کر لی، متاثرہ شہری نے شکایت درج کروائی تھی کہ نامعلوم ملزمان نے سوشل میڈیا کے ذریعے دھوکہ دہی سے اس سے رقم حاصل کی، شکایت موصول ہونے (بقیہ نمبر 23)

بچوں کا عالمی دن ''یونیورسل چلڈرن ڈے'' 20 نومبر کو منایا جائیگا

بچوں کی تعلیم وتربیت، شعور وآگہی کیلئے سماجی تنظیموں اور حکومتی اقدامات پر روشنی ڈالیں گے

راولپنڈی (این این آئی) پاکستان سمیت دنیا بھر میں بچوں کا عالمی دن ''یونیورسل چلڈرن ڈے'' 20 نومبر کو منایا جائے گا اس دن کے حوالے سے فیصل آباد سمیت ملک بھر میں بچوں کے حقوق کیلئے کام کرنے والی این جی اوز اور سماجی تنظیموں کے زیر اہتمام واک، سیمینارز اور دیگر تقریبات کا اہتمام کیا جائے گا جس سے خطاب کرتے ہوئے مقررین بچوں کی تعلیم وتربیت، شعور وآگہی کیلئے سماجی تنظیموں اور حکومتی اقدامات پر روشنی ڈالیں گے۔بچوں کے عالمی دن (بقیہ نمبر 25)

جب چاہوں ایران کے خلاف جنگ جیت سکتا ہوں، ڈونلڈ ٹرمپ

کیوبا کے خلاف بھی مختصر فوجی کارروائی پر غور کر سکتے ہیں، امریکی صدر کی دھمکی

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے دعویٰ کیا ہے کہ امریکا اس وقت ایران کے خلاف جنگ جیتنے کے مراحل میں ہے اور وہ جب چاہیں ایران کے خلاف جنگ جیت سکتے ہیں۔اپنے تازہ بیان میں امریکی صدر کا کہنا تھا کہ ایران کے خلاف طاقت استعمال کرنے میں انہیں کسی قسم کی کوئی ہچکچاہٹ نہیں ہوگی۔ٹرمپ نے مزید کہا کہ وہ کیوبا (بقیہ نمبر 26)

مارکیٹ سے شرطیہ انتہائی کم ترین ریٹ پر

صرف 5000/- روپے میں

اپنے کاروبار کے لئے ویب سائٹ ہم سے بنوائیں۔

وہ بھی ڈومین اینڈ ہوسٹنگ کے ساتھ

Free.com domain
Features:
Free SSL Certificate
1 Click WordPress installer
Unlimited Space
Unlimited Bandwidth
Unlimited Email Accounts
Unlimited MySQL data bases
Unlimited Subdomains
Latest Version of PHP, MYSQL and cPanel
24/7/365 Support
100% Up time Guarantee
Free/Instant Setup

News Website
Business Website
School Website
TV Channel Website

ویب سائٹ میں ڈیٹا ڈالنے کا مکمل طریقہ بھی ساتھ سکھایا جائے گا

سی پینل اور ورڈ پریس دونوں اکاؤنٹ دیے جائے گے

یہ آفر محدود مدت کے لیے ہے

Call / Whatsapp
0309-7900035

E-Commerce Website
Price: 6000/-